لٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا

اپنے ذمے لے لیا (تو) سب نے کہا کہ ہم نے اقرار کیا - (خدا نے) فرمایا کہ اب تم سب گواہ رہو

كُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ○ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ

ساتھ گواہی دینے والا ہوں - پھر جو اس عہد سے پھر جائے

هُمُ الْفٰسِقُوْنَ○ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗ

تو نافرمان ہوں گے - کیا دین خدا کے سوا وہ کسی اور دین کے خواستگار ہیں

نْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّ

آسمانوں میں اور زمین میں جو ہیں برغبت اور بکراہت اسی کے مطیع ہوں گے اور

عُوْنَ○ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ

ت کر جائیں گے - (اے رسولؐ) کہدو کہ ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور اس پر جو ہم پر نازل ہوا ہے

اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَ

ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ اور

وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ

تھا اور اس پر جو موسیٰؑ اور عیسیٰؑ اور پیغمبروں کو

سلہ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ ربانی منسوب ہے لفظ رب کی طرف اور اس میں الف و نون زائد ہے اور معنی اسکے ہیں علم و عمل میں کامل۔ سلہ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ - تفسیر جوامع الکلم اور تفسیر مجمع البیان میں جناب امام جعفر صادقؑ سے اس آیت کے معنی یوں منقول ہیں: وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ اُمَمِ النَّبِيّٖنَ الخ یعنی جس وقت خدائے تعالیٰ نے انبیاء کی اُمتوں سے یہ عہد لیا کہ ہر امت اپنے اپنے نبی کی تصدیق کرے اور جو جو احکام وہ پہنچائیں ان پر عمل کرے ان میں سے بہت سوں نے اس اقرار کو پورا نہیں کیا اور اپنی اپنی شریعت کا بڑا حصہ چھوڑ دیا۔ اور بعضوں نے اپنی اپنی شریعت کے بڑے حصے میں تحریف کی - تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے اس آیت کے مبسوط معنی لکھنے کے: ان حضرت کا یہ قول درج ہے کہ تنزیل قرآن اسی طرح تھی وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ اُمَمِ النَّبِيّٖنَ، مگر بعد میں لفظ امم نکال دیا گیا۔ تفسیر مجمع البیان میں جناب امیر المؤمنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ ہمارے نبی سے پہلے جس قدر انبیاء گزرے ہیں ان سب سے خدائے تعالیٰ نے یہ عہد لیا تھا کہ وہ اپنی اپنی امتوں کو آنحضرتؐ کی بعثت اور صفات کی خبریں پہنچا کر بشارت دیتے رہیں اور آنحضرتؐ کی تصدیق کا ان کو حکم بھی دیتے رہیں نیز انہی حضرت سے منقول ہے کہ پروردگار عالم نے حضرت آدمؑ سے اور جو نبی بعد ان کے مبعوث ہوئے ان سے یہ عہد لیا تھا کہ اگر تمہارے حین حیات میں ہم محمد مصطفےٰ کو مبعوث کردیں تو تم ضرور ان حضرتؐ پر ایمان لانا اور ان کی نصرت کرنا اور اپنی اپنی قوم سے اس بات کا عہد لیتے رہنا۔ تفسیر قمی اور تفسیر عیاشی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت آدمؑ سے لیکر آئندہ جس قدر نبی خدائے تعالیٰ نے مبعوث فرمائے ہیں وہ سب دنیا میں رجعت فرمائیں گے اور جناب [illegible] کے اور یہ بات خدا کے اس قول سے ثابت ہے لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ یعنی تم سب ضرور اس (محمد مصطفےٰ) پر ایمان لاؤ گے وَلَتَنْصُرُنَّهٗ اور تم سب ضرور اُس (علی مرتضیٰ) کی نصرت کرنا۔ رجعت کی بابت حدیث ضمیمہ میں مطالعہ فرمائیے۔

ع ۸ / ۱۶

عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا
وں سے منع کریں۔ اور وہی (پوری پوری) فلاح پانے والے ہوں۔ اور ان لوگوں کے مانند

تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ
ہوں نے بعد اس کے کہ ان کے پاس کھلی نشانیاں آچکی تھیں اختلاف کیا اور متفرق ہو گئے۔

لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّ
کے لئے تو بڑا عذاب ہے۔ جس دن کچھ چہرے نورانی ہوں گے اور

وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۟ اَكَفَرْتُمْ
پھر جن لوگوں کے منہ کالے ہوں گے (ان سے کہا جائے گا) کہ تم ایمان لانے کے

اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝
تھے نا؟ تو اب جیسا انکار کرتے تھے ویسا اس کے بدلے عذاب چکھو۔

الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ
ن کے چہرے نورانی ہوں گے وہ رحمت خدا میں ہوں گے اور وہ

خٰلِدُوْنَ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ
رہیں گے۔ یہ خدا کی برحق آیتیں ہیں جو ہم تم پر تلاوت کرتے ہیں۔

يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا
سارے عالم میں کسی پر ظلم کا ارادہ نہیں کرتا۔ اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ

الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ
ب کچھ خدا کا ہے اور خدا ہی کی طرف سب امور کی بازگشت ہوگی۔ جو امتیں ہدایت مردم کے لئے

لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ
یں ان میں تم سب سے بہتر ہو نیکی کرنے کا حکم دیتے ہو اور بدی سے منع کرتے ہو

وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ
ایمان لاتے ہو۔ اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے تو ان کے لئے بہت اچھا ہوتا۔

مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ
مومن ہیں اور بہت سے نافرمان۔ سوائے ایذا پہنچانے کے وہ تمہارا ہر گز کچھ

يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۟ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝
ر تم سے لڑیں گے تو پیٹھ دکھائیں گے پھر ان کی مدد نہ کی جائے گی۔

۵۱ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ تفسیر قمی میں ہے حضرت ابوذر رضی غفاری سے روایت ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جس وقت یہ آیت نازل ہوئی تو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ نے فرمایا کہ قیامت کے دن میری امت میرے پاس پانچ جھنڈوں کے تحت میں ہو کر آئے گی ان میں سے چار کے ماتحت تو بھو کے پیاسے جہنم میں بھیجدیئے جائیں گے اور پانچویں کے سیر و سیراب داخل جنت کئے جائیں گے (اس سے آگے پوری حدیث ضمیمہ صفحہ پر پڑھیے)

۵۲ الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ تفسیر مجمع البیان میں جناب امیر المومنین علیہ السلام سے روایت ہے کہ ان سے مراد اس امت کے وہ لوگ ہیں جنہوں نے دین میں بدعت پھیلائی۔ اپنی رائے باطلہ کو رواج دیا اور اپنی خواہش نفسانی سے مسائل بنا دیئے ۱۲

۵۳ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ یہ ہمزہ سوالیہ واسطے زجر و توبیخ اور ان کی حالت پر تعجب کرنے کے ہے ۱۲

۵۴ خَيْرَ اُمَّةٍ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ کسی نے ان کے سامنے پڑھا كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ تو حضرت نے فرمایا کہ آیا وہ امت خیر امت ہے جس نے جناب امیر المومنین و حسنین علیہما السلام کو قتل کیا؟ اس پڑھنے والے نے عرض کیا کہ میں آپ پر فدا ہوں یہ آیت کیوں کر نازل ہوئی تھی۔ فرمایا اس طرح نازل ہوئی تھی اَنْتُمْ خَيْرُ اَئِمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ کیا تو نہیں دیکھتا کہ اللہ ان کی مدح اس طرح فرماتا ہے کہ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

ع ۱۱ / ۲

۵۵ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ ان سے مراد ہیں عبد اللہ بن سلام اور ان کے ساتھی جو یہود میں سے جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم پر ایمان لائے ۱۲

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ

اور اگر یہ لوگ اسی وقت جبکہ انہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا تھا تمہارے پاس آجاتے

وَاللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ

[بخ]ش مانگتے اور رسول بھی ان کے لئے بخشش طلب کرتا تو یہ ضرور اللہ کو

[رحی]مًا ۝ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ

[او]ر رحم کرنے والا پاتے ایسا نہیں ہے تمہارے پروردگار کی قسم یہ لوگ (کبھی) مومن نہ ہوں گے

[فِیْمَا شَجَرَ] بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا

[جب تک اپنے جھگ]ڑوں میں جو ان کے مابین پڑتے ہیں تم کو حاکم نہ بنالیں پھر جو کچھ تم فیصلہ کردو اس سے اپنے دلوں میں تنگی نہ پائیں

[قَضَیْتَ] وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ

[اور اس] طرح تسلیم کریں جیسا کہ تسلیم کرنے کا حق ہے اور اگر ہم ان پر یہ لازم کر دیتے کہ

[اقْتُلُوْٓا اَنْفُ]سَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ

[اپنے آپ]کو قتل کر دو یا اپنے گھروں سے نکل جاؤ تو سوائے معدودے چند کے یہ لوگ اس کی تعمیل نہ کرتے

[مِّنْهُمْ ۭ وَ]لَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

[اور ا]گر وہ اس کے موافق کرتے تو جو کچھ ان کو نصیحت کی گئی تھی تو یہ بات ان کے لئے بہت ہی اچھی ہوتی

[وَاَشَدَّ تَثْ]بِيْتًا ۝ وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

[اور] زیادہ مضبوطی کا باعث ہوتا اور اس وقت ہم بھی اُن کو بہت بڑا اجر دیتے

[وَّلَهَدَيْنٰهُ]مْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

[اور ان کو] صراط مستقیم تک پہنچا دیتے اور جو اللہ اور رسول کی اطاعت کریں گے

[فَاُولٰٓئِكَ] مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

[وہ ان لوگوں] کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے کہ بعض پیغمبروں میں سے ہیں اور بعض صدیقوں میں سے ہیں

[وَالشُّهَدَاۗ]ءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰۗئِكَ رَفِيْقًا ۝ ذٰلِكَ

[اور بعض شہداء میں] سے ہیں اور بعض صلحاء میں سے ہیں اور وہی لوگ رفاقت کے لئے سب سے اچھے ہیں یہ

[الْفَضْلُ] مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

[اللہ کی طرف] سے فضل ہے اور خدا کا آگاہ ہونا کافی ہے اے ایمان لانے والو

[خُذُوْا حِذْ]رَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ۝ وَاِنَّ

[اپنی حفاظت کا سامان کر]لو دستے دستے نکلو یا اکٹھے نکل پڑو اور ضرور

۵۱ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ کافی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ خدائے تعالیٰ نے اس جگہ امیر المومنین کو مخاطب کیا ہے پھر وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا سے فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ تک تلاوت فرمائی اس کے بعد فرمایا فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ سے وہ معاہدہ مراد ہے جو ان منافقوں نے باہم کیا تھا کہ اگر محمد کو خدا نے موت دی تو اس امر کو بنی ہاشم میں نہ جانے دیں گے پھر حضرت نے آگے تلاوت فرمائی ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ اور یہ فرمایا کہ خواہ تم ان کے قتل کا فیصلہ دیتے ہو یا عفو کا پھر یُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا پڑھ کر ختم فرما دیا ۱۲

۵۲ جَآءُوْكَ تفسیر قمی میں ہے کہ اصل تنزیل میں جَآءُوْكَ کے بعد یَا عَلِیُّ تھا ۱۲

۵۳ مَا یُوْعَظُوْنَ کافی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ اصل تنزیل یوں تھی مَا یُوْعَظُوْنَ بِهٖ فِیْ عَلِیٍّ (یعنی علیؑ کے بارے میں جو نصیحت کی گئی) ۱۲

۵۴ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ کافی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ پرہیزگاری سے ہماری اعانت کرو کیونکہ تم میں سے خدا کے حضور میں جو شخص پرہیزگاری کے ساتھ جائے گا تو خدا کی طرف سے اس کو بڑی کشائش ملے گی۔ جیسا کہ خدائے تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔ پھر فرمایا کہ نبی بھی ہم میں سے ہے اور شہدا اور صالحین بھی ہم میں سے ہیں اور جناب امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ مومن دو قسم کے ہیں۔ ایک تو اللہ پر ایمان لانے والا جس نے وہ کل شرطیں پوری کی ہوں جو مومن کے لئے اللہ نے مقرر کی ہیں پس وہ تو انبیاء و شہداء و صدیقین و صالحین کے ساتھ ہوگا اور اس کی بہترین رفاقت کونسی ہو سکتی ہے اور یہی وہ مومن ہے جس کو منزل شفاعت حاصل ہوگی [...] پڑے گی اور یہی وہ مومن ہے جس کو دنیا و آخرت کے خوف پیش نہ آئیں گے اور ایک مومن وہ ہے جس کے قدم پھسل جائیں گے اس کی حالت زراعت کے [...] کی [...] گیا یہ وہ ہے جس کو دنیا میں بھی خوف پیش آئیں گے اور آخرت میں بھی اس کی شفاعت کی جائے گی اور انجام بخیر ہو جائے گا۔ تفسیر عیاشی میں ان ہی حضرت سے منقول ہے کہ [...]

ع ۹ / ۱۱ / ۶

وَاَقْوَمَ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ

اور ان کے لئے بہتر بھی لیکن اللہ نے ان کے کفر کے سبب سے ان پر لعنت کی ہے اور وہ بہت ہی کم ایما

قَلِيْلًا ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَـ

اے وہ لوگو! جن کو کتاب دی گئی ہے اس پر ایمان لاؤ جو کچھ ہم نے

مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَـ

درحالیکہ جو کچھ تمہارے پاس پہلے سے ہے وہ اس کی تصدیق بھی کرتا ہے قبل اس کے کہ ہم چہرے بگاڑ دیں

عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَ

پشت کی طرف پھیر دیں یا ان پر ایسی ہی لعنت کریں جیسے ہم نے اصحاب سبت پر لعنت کی تھی

اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ

امر خدا ہو کر رہے گا یقیناً اللہ اس کو نہ بخشے گا کہ اس کے ساتھ شرک

يَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ

اس کے ماسوا جس کو چاہے بخش دے اور جس نے اللہ سے شرک کیا

افْتَرٰۤى اِثْمًا عَظِيْمًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُـ

یقیناً بہت بڑا گناہ کیا کیا تم نے ان کو نہیں دیکھا؟ جو اپنے نفوس کو پاک

بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّىْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ اُنْـ

بلکہ اللہ جس کو چاہتا ہے پاک قرار دیتا ہے اور ان پر سوت برابر ظلم نہ کیا جائے گا دیکھو

كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثْمًا مُّبِيْـ

یہ اللہ پر کیسا جھوٹا بہتان باندھتے ہیں اور صریح گناہ کے لئے یہی کافی

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب سے بہرہ دیا گیا ہے وہ جبت اور طاغوت

وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰۤؤُلَآءِ اَهْدٰى

لاتے ہیں اور جو منکر ہو گئے ہیں ان سے یہ کہتے ہیں کہ یہ ان ایمان لانے والوں کی

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ

زیادہ راہ راست پر ہیں وہی تو ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے

يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝ اَمْ لَهُمْ نَـ

اللہ لعنت کرے گا تم اس کا ہرگز کسی کو مددگار نہ پاؤ گے آیا سلطنت (حقیقی) میں سے

ــلـه وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ کتاب الفقیہ میں منقول ہے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ یہ جو خدا نے فرمایا کہ شرک کے سوا جسے چاہے بخش دے آیا کبیرہ گناہ بھی اس میں داخل ہے؟ فرمایا بیشک داخل ہے۔ خدا کو اختیار ہے جسے چاہے بخش دے اور جس کو چاہے نہ بخشے۔ نیز اسی کتاب میں جناب امیر المومنین علیہ السلام سے ایک حدیث منقول ہے جس کا ایک جزو یہ ہے کہ میں نے اپنے حبیب جناب محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ و آلہ کو یہ فرماتے سنا کہ اگر مومن دنیا سے اس حالت سے جائے کہ کل اہل زمین کے گناہوں تو بھی اس کی موت اس کے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گی۔ پھر فرمایا جو شخص لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سچے دل سے کہے گا وہ شرک سے بری ہے اور جو دنیا سے اس حال میں جائے گا کہ کسی شے کو خدا کا شریک نہ کیا ہو گا وہ جنت میں داخل ہو گا پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ شِيْعَتِكَ وَمُحِبِّيْكَ يَا عَلِيُّ (یعنی یہ جو خدا نے فرمایا کہ شرک کے سوا جسے چاہے بخش دے تو وہ اے علی تمہارے شیعوں اور محبوں میں سے ہوں گے) امیر المومنین نے عرض کی یا رسول اللہ آیا وہ میرے ہی شیعوں میں سے ہوں گے؟ فرمایا قسم بخدا وہ تمہارے ہی شیعوں میں سے ہوں گے۔ تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر سے اس آیت کی تفسیر میں یوں وارد ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ کے یہ معنی ہیں کہ خدا ہرگز اس شخص کو نہ بخشے گا جو علیؑ کی ولایت کا منکر ہو وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ سے یہ مطلب ہے کہ جو علیؑ کے دوستدار ہیں ان کو بخش دے گا۔ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے یہ دریافت کیا گیا تھا کہ ادنیٰ درجہ شرک کا کیا ہے؟ فرمایا دین میں ایک بات ایجـ

اس پر لوگوں سے دوستی و دشمنی کرے۔ کتاب التوحید میں جناب امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن مجید کی یہ آیت مجھے سب سے زیادہ پیاری ہے ۱۲ ر سـ وسـ ضیـ

رُسُلًا مُّبَشِّرِیۡنَ وَمُنۡذِرِیۡنَ لِئَلَّا یَکُوۡنَ لِلنَّا

(ایسے) رسول (جو) خوشخبری دینے والے بھی تھے اور ڈرانے والے بھی تاکہ اُن کے آنے کے بعد کو

اللّٰہِ حُجَّۃٌۢ بَعۡدَ الرُّسُلِ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیۡزًا حَ

ہے۔ اور اللہ زبردست حکمت والا

لٰکِنِ[1] اللّٰہُ یَشۡہَدُ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اِلَیۡکَ اَنۡزَلَہٗ بِ

لیکن اللہ اس کے باب میں جو تم پر نازل کیا گیا ہے گواہی دیتا ہے کہ اس نے اپنے

الۡمَلٰٓئِکَۃُ یَشۡہَدُوۡنَ ؕ وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیۡدًا ﴿ؕ﴾ اِ

اور فرشتے (بھی اس بات کی) گواہی دیتے ہیں؛ حالانکہ گواہی اللہ (ہی) کی کافی ہے۔

کَفَرُوۡا وَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ قَدۡ ضَلُّوۡا

کافر ہوگئے اور انھوں نے راہِ خدا سے روکا وہ گمراہی میں بہت

بَعِیۡدًا ﴿﴾ اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَظَلَمُوۡا لَمۡ یَکُنِ اللّٰہ

جن لوگوں نے یقیناً کفر (بھی) کیا اور ظلم (بھی) کیا۔ اللہ کا یہ کام نہیں

لَہُمۡ وَلَا لِیَہۡدِیَہُمۡ طَرِیۡقًا ﴿ۙ﴾ اِلَّا طَرِیۡقَ جَہَنَّمَ

بخشدے یا اس کو کوئی اور راستہ سوائے جہنم کے راستے کے بتلائے جس میں

فِیۡہَاۤ اَبَدًا ؕ وَکَانَ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیۡرًا ﴿﴾ یٰۤاَیُّہَا

رہیں گے۔ اور اللہ کے لئے یہ بات آسان ہے اے

قَدۡ جَآءَکُمُ الرَّسُوۡلُ بِالۡحَقِّ مِنۡ رَّبِّکُمۡ فَاٰمِنُوۡا خَ

رسول تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس حق لے کر آیا ہے پس اسے مان لو تمہا

وَاِنۡ تَکۡفُرُوۡا فَاِنَّ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ

اور اگر انکار کرو گے تو آسمانوں اور زمینوں میں جو کچھ ہے ضرور اللہ کا ہے۔

اللّٰہُ عَلِیۡمًا حَکِیۡمًا ﴿﴾ یٰۤاَہۡلَ الۡکِتٰبِ لَا تَغۡلُوۡا فِ

اللہ صاحب علم و حکمت ہے۔ اے اہل کتاب اپنے دین کے بارے میں

وَلَا تَقُوۡلُوۡا عَلَی اللّٰہِ اِلَّا الۡحَقَّ ؕ اِنَّمَا الۡمَسِیۡحُ عِیۡسَ

اور سوائے حق کے خدا کے بارے میں کچھ نہ کہو۔ مسیح عیسیٰ ابن مریم

مَرۡیَمَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ وَکَلِمَتُہٗ ۚ اَلۡقٰہَاۤ اِلٰی مَرۡیَمَ وَرُ

اور کچھ نہیں ہے کہ اللہ کا رسول ہے اور اس کا کلمہ جس کو اس نے مریم تک پہنچا دیا تھا اور اس کی

تو بعض کو کسی کی ضرورت ہے۔ پروردگار عالم اس قسم کی تمام احتیاجات سے منزہ و مبرا ہے نیز ایک شخص نے جس کو آیاتِ خدا میں کچھ شبہ پڑ گیا تھا۔ اُن حضرت سے سوال کیا تو اس کے جواب میں جو ارشاد ہوا اس کا ایک جزو یہ ہے کہ اُن حضرت نے فرمایا کہ کلام اللہ جس کا نام ہے وہ ایک طرح کا نہیں ہے بلکہ اُس کی کئی صورتیں ہیں ایک تو وہ کلام خدا کا تھا جو کہ خدا نے اپنے رسولوں سے تکلم فرمایا اور وہ بھی کلام اللہ تھا جو کہ رسولوں کے دلوں میں ڈال دیا۔ وہ خواب بھی کلام اللہ تھے جو رسولوں نے دیکھے اور وحی تنزیل جس کی تلاوت کی جاتی ہے یہ بھی کلام اللہ ہے (تصریح) قرآن مجید اسی قسم آخیر میں داخل ہے۔ خصال میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ سے منقول ہے کہ پروردگار عالم نے تین شب و روز میں ایک لاکھ چوبیس ہزار کلمے فرمائے۔ اس عرصہ میں جناب موسیٰ نے کچھ بھی کھایا نہ پیا۔ اس کے بعد جب بنی اسرائیل کے پاس پلٹ کر آئے تو کانوں میں تو حلاوتِ کلام خدا گونج رہی تھی اُن کی باتیں ناگوار ہوئیں۔ احتجاج میں وہ گفتگو منقول ہے جو یہودیوں نے جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ و آلہ سے کی تھی منجملہ اس کے یہ ہے کہ انھوں نے یہ کہا کہ کیا موسیٰ آپ سے بہتر ہیں۔ آنحضرت نے فرمایا کیوں؟ انھوں نے کہا کہ حق تعالیٰ نے حضرت موسیٰ سے چالیس ہزار کلموں سے بات کی اور آپ سے کوئی بات بھی نہ کی آنحضرت نے فرمایا کہ مجھے اُن سے افضل چیز عطا کیا گیا ہے انھوں نے کہا وہ کیا ہے آنحضرت نے یہ آیت تلاوت فرمائی: سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا الخ (اس حدیث کا بقیہ انشاء اللہ سورۂ بنی اسرائیل میں بیان ہوگا)

(حاشیہ صفحہ ۱۲۴)

[1] لٰکِنِ اللّٰہُ یَشۡہَدُ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ آیت یوں نازل ہوئی تھی لٰکِنِ اللّٰہُ یَشۡہَدُ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اِلَیۡکَ فِیۡ عَلِیٍّ ۱۲ [2] اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَ ظَلَمُوۡا کا ثانی اور تفسیر عیاشی میں جناب ... منقول ہے کہ جبرئیل امین اس آیت کو اس شان سے لے کر نازل ہوئے تھے اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَظَلَمُوۡا اٰلَ مُحَمَّدٍ حَقَّہُمۡ لَمۡ یَکُنِ اللّٰہُ الخ تفسیر قمی

تحریف

تحریف

ـلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوۡلُوۡا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنۡتَهُوۡا خَيۡرًا لَّكُمۡ

...اور ثلثہ کے قائل نہ ہو اس سے باز رہو یہی تمہارے لئے بہتر ہے۔

ـدٌ ؕ سُبۡحٰنَهٗۤ اَنۡ يَّكُوۡنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِى

اس کی ذات اس سے منزہ ہے کہ اس کے کوئی بیٹا ہو۔ آسمانوں میں

ـى الۡاَرۡضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيۡلًا ۟ لَنۡ

...زمین کا ہے اور اللہ ہی انتظام کے لئے کافی ہے۔ مسیح کو یہ

ـحُ اَنۡ يَّكُوۡنَ عَبۡدًا لِّلّٰهِ وَلَا الۡمَلٰٓـئِكَةُ

...ہ اللہ کا بندہ بنے اور نہ مقرب فرشتوں کو

ـنۡ يَّسۡتَنۡكِفۡ عَنۡ عِبَادَتِهٖ وَيَسۡتَكۡبِرۡ

...جو اس کی عبادت سے انکار کرے گا اور تکبر کرے گا

ـلَيۡهِ جَمِيۡعًا ۟ فَاَمَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوۡا

...پاس جمع کرلے گا پھر جو لوگ ایمان لائے ہیں اور نیکو کار

ـفِّيۡهِمۡ اُجُوۡرَهُمۡ وَيَزِيۡدُهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ۚ وَ

...پورے پورے دے گا اور اپنے فضل سے کچھ اور بڑھا دے گا

ـتَنۡكَفُوۡا وَاسۡتَكۡبَرُوۡا فَيُعَذِّبُهُمۡ عَذَابًا

...کی اور تکبر کیا پس اُن کو دردناک عذاب

ـجِدُوۡنَ لَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا

...کے سوا وہ کسی کو اپنا یار و مددگار نہ پائیں گے

ـا النَّاسُ قَدۡ جَآءَكُمۡ بُرۡهَانٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَ

...میو بے شک تمہارے رب کے پاس سے تم پر دلیل آچکی ہے اور

ـوۡرًا مُّبِيۡنًا ۟ فَاَمَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَ

...والا نور نازل کیا ہے پس جو لوگ اللہ پر ایمان لانے اور اس نور سے

فَسَيُدۡخِلُهُمۡ فِىۡ رَحۡمَةٍ مِّنۡهُ وَفَضۡلٍ ۙ وَّ

...قریب اپنی رحمت اور فضل میں داخل کرے گا اور

ـىۡ صِرَاطًا مُّسۡتَقِيۡمًا ؕ يَسۡتَفۡتُوۡنَكَ ؕ قُلِ

...راستہ بتا دے گا لوگ تم سے فتویٰ دریافت کرتے ہیں تم کہہ دو

وقف لازم — ع ٢٣ — ٩ — ٣

کہ جناب ابو عبد اللہؑ نے اس طرح تلاوت فرمائی اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَظَلَمُوۡا آلَ مُحَمَّدٍ حَقَّهُمۡ لَمۡ يَكُنِ اللّٰهُ الخ ●

٣ قَدۡ جَآءَكُمُ الرَّسُوۡلُ بِالۡحَقِّ مِنۡ رَّبِّكُمۡ کافی اور تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے یہ آیت اس طرح منقول ہے قَدۡ جَآءَكُمُ الرَّسُوۡلُ بِالۡحَقِّ مِنۡ رَّبِّكُمۡ فِىۡ وَلَايَةِ عَلِىٍّ فَاٰمِنُوۡا خَيۡرًا لَّكُمۡ وَاِنۡ تَكۡفُرُوۡا بِوَلَايَةِ عَلِىٍّ فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ الخ ●

٤ وَكَلِمَتُهٗ اَلۡقٰهَاۤ اِلٰى مَرۡيَمَ وَرُوۡحٌ مِّنۡهُ کافی میں منقول ہے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ رُوۡحٌ مِّنۡهُ کے معنی کیا ہیں فرمایا وہ رُوح جسے خدائے تعالیٰ نے حضرت آدمؑ اور حضرت عیسیٰؑ میں پیدا کیا۔ التوحید میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ دو مخلوق رُوحوں کو خدا نے برگزیدہ فرمایا ایک روح آدمؑ اور ایک روح عیسیٰؑ ۱۲

—— حاشیہ صفحہ ١٢٥ ——

١ وَلَا تَقُوۡلُوۡا ثَلٰثَةٌ مطلب یہ ہے کہ یہ نہ کہو کہ خدا تین ہیں اللہ و مسیح و مریم جیسا کہ خدا کے قول سے ثابت ہے وَاَنۡتَ قُلۡتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوۡنِىۡ وَاُمِّىَ اِلٰهَيۡنِ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ (کیا تم نے کہہ دیا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو خدا کے علاوہ دو اور خدا بنا لو) ۱۲

٢ بُرۡهَانٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَاَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكُمۡ نُوۡرًا مُّبِيۡنًا ایک قول کے مطابق بُرہان سے مُراد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ ہیں۔ اور نُور سے مُراد قرآن مجید اور مطلب آیت کا یہ ہے کہ تمہارے پاس دلائل عقلی اور شواہد نقلی آچکے اور تمہارے لئے کوئی عذر و علت کچھ بھی باقی نہیں ہے۔ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ نُور سے مُراد ولایت علیؑ ہے ۱۲

٣ صِرَاطًا مُّسۡتَقِيۡمًا تفسیر عیاشی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ بُرہان سے مُراد جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور نُور سے مُراد ...قمی میں ہے کہ نُور سے مُراد امامت امیر المومنین علیہ السلام ہے اور اعتصام سے مُراد اُن حضرتؑ کی ...

...علی مرتضیٰ مُراد ہیں۔ تفسیر ...ن سے متمسک ہونا ۱۲

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اس سے (بھی) واقف ہے ۔ اور اللہ ہر

قَدِيْرٌ ۝ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ

قدرت رکھنے والا ہے ۔ اس دن ہر نفس اس نیکی کو جو وہ کر چکا ہے

وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚۛ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗ

جو وہ کر چکا ہے موجود پائے گا اور یہ خواہش کرے گا کہ کاش خود اس کے اور اس دن کے مابین

اَمَدًۢا بَعِيْدًا ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ

طویل حائل ہوتی ۔ اور اللہ تمکو اپنے سے ڈراتا ہے اور اللہ کل بندوں پر

۝ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ

(اے رسولؐ) کہدو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو تاکہ اللہ تمہیں دوست رکھے

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ قُلْ اَطِيْعُوا

تمہارے گناہ بخش دے ۔ اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے ۔ کہدو تم

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اطاعت کرو پھر اگر وہ روگردانی کریں تو یقیناً اللہ منکروں کو دوست نہیں رکھتا

اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ

آدمؑ اور نوحؑ اور آلِ ابراہیمؑ اور آلِ عمرانؑ کو

الْعٰلَمِيْنَ ۝ۙ ذُرِّيَّةً ۢ بَعْضُهَا مِنْ ۢ بَعْضٍ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

برگزیدہ کیا ۔ ان میں سے بعض بعض کی اولاد ہیں ۔ اور اللہ سننے والا (اور)

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ

جس وقت عمران کی زوجہ نے یہ عرض کی کہ اے میرے پروردگار جو میرے پیٹ میں ہے

بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ

آزاد چھوڑ دینے کی منت مانتی ہوں ۔ پس تو میری (یہ منت) قبول کرلے بے شک تو سننے والا

۝ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ؕ

پھر جب اسے جنا تو کہنے لگی کہ اے میرے پروردگار میں نے تو یہ لڑکی جنی ۔

اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ

جانتا ہے کہ وہ کیا جنی ۔ اور لڑکا لڑکی کے مانند نہیں ہوتا ۔ اور میں نے

۵ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ کئی حدیثوں میں وارد ہے کہ دین سوائے محبت کے اور کوئی چیز نہیں ہے ۔ کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ اسرار دین میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بندہ جان لے کہ خدا اس سے محبت رکھتا ہے پھر وہ خدا کی اطاعت کرے اور ہماری پیروی کیا تم نے نہیں سنا کہ خدا اپنے نبیؐ سے کیا فرماتا ہے اسکے بعد حضرتؑ نے یہ آیت (قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ الخ) تلاوت فرمائی ۔ پھر فرمایا واللہ کوئی بندہ کبھی خدا کا مطیع نہ ہوگا مگر یہ کہ خدائے تعالیٰ اپنی اطاعت کی حالت میں ہمارا اتباع اس کے دل میں ڈال دیگا اور نہ کوئی بندہ ایسا ہے کہ ہمارا اتباع کرے اور اللہ اس کو دوست نہ رکھے اور قسم بخدا جو کوئی ہمارا اتباع چھوڑ دیگا ضرور ہم سے بغض رکھے گا اور جو ہم سے بغض رکھے گا یہ ہو نہیں سکتا کہ خدا کی نافرمانی نہ کرے اور جو [illegible] مرجائے گا خدائے تعالیٰ اُسے اوندھے منہ جہنم میں گرادے گا ۔ عمران ابن اعین نے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کے ایک صحابی سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرتؑ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص خدا کی نافرمانی کرتا ہے وہ خدا کا دوست ہرگز نہیں ہے اس کے بعد اُن حضرتؑ نے یہ شعر پڑھے تَعْصِى الْاِلٰهَ وَاَنْتَ تُظْهِرُ حُبَّهٗ ۔ هٰذَا مُحَالٌ فِي الْفِعَالِ بَدِيْعٌ ۔ لَوْ كَانَ حُبُّكَ صَادِقًا لَاَطَعْتَهٗ ۔ اِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ يُحِبُّ مُطِيْعٌ ۔ ترجمہ :- تو خدا کی نافرمانی کرتا ہے اور ساتھ ہی اس کی محبت کا اظہار بھی کرتا ہے ۔ عملاً یہ بات تو ظاہر بظاہر محال ہے اگر تیری محبت سچی ہوتی تو تو ضرور اس کی اطاعت کرتا اس لئے کہ محبت کرنے والا جس سے محبت کرتا ہے اس کا مطیع ہوتا ہے ۔ ۲ سلہ اِنَّ اللّٰهَ

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ تو لوگوں نے اصل کتاب سے ۔۔۔ یہ آیت اس طرح تھی

صفحہ ۲۸۸ نوٹ نمبر ۲ | يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيهِ يَعْصِرُوْنَ ۔ وتفسیر قمی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب امیر المؤمنین علیہ السلام کے سامنے ایک شخص نے یہ آیت یوں تلاوت کی [illegible] مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ یعنی یَعْصِرُوْنَ کو معروف پڑھا جیسا کہ آپ موجودہ قرآن میں دیکھتے ہیں حضرت نے فرمایا وائے ہو تجھ پر وہ کیا [illegible] آیا ثمر نچوڑیں گے؟ اس شخص نے عرض کی یا امیر المؤمنینؑ پھر میں اسے کیونکر پڑھوں؟ فرمایا خدا نے تو یوں نازل فرمائی ہے۔ ثُمَّ يَأْتِيْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يُعْصَرُوْنَ یعنی یُعْصَرُوْنَ [illegible] جس کے معنی میں یہ فرمایا کہ ان کو بادلوں سے پانی بکثرت دیا جائے گا۔ اور دلیل اس امر پر خدا کا یہ قول لائے وَاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا (اور ہم نے بدلیوں سے موسلا دھار پانی اتارا) **قول مترجم**: [illegible] ہے کہ جب قرآن میں ظاہر اعراب لگائے گئے ہیں تو شراب خوار خلفا کی خاطر یُعْصَرُوْنَ کو یَعْصِرُوْنَ سے بدل کر معنی کو زیر و زبر کیا گیا ہے یا مجہول کو معروف سے بدل کر لوگوں کے لئے ان کے کرتوت کے معروف [illegible] اپنے امام کے حکم سے مجبور ہیں کہ جو تغیر یہ لوگ کر دیں تم اس کو اسی کے حال پر رہنے دو اور تغیر کرنے والے کا عذاب کم نہ کرو ہاں جہاں تک ممکن ہو لوگوں کو اصل حال سے مطلع کر دو۔ قرآن مجید کو اس کی اصلی حالت پر لانا [illegible] کا حق ہے اور ان ہی کے وقت میں وہ حسب تنزیل خدائے تعالیٰ پڑھا جائے گا۔ ۱۲

صفحہ ۲۸۸ نوٹ نمبر ۳ | فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یوسف علیہ السلام نے بادشاہ کے حکم سے فوراً چلے آنے میں دیر کی اور یہ چاہا کہ شہر کی عورتوں سے سوال [illegible] حال ہو جائے تاکہ بادشاہ پر ان کی صفائی بھی ظاہر ہو جائے اور یہ بھی کھل جائے کہ ناحق قید کئے گئے اور انھوں نے عزیز مصر کی زوجہ کا خود ذکر نہیں کیا باوجودیکہ اس کی طرف سے آپ کو [illegible] قدر ایذا دی ہو چکی تھی۔ اس کی دو وجہیں تھیں۔ ایک تو ذاتی کرم اور دوسرے محسن کے احسان کی رعایت۔ ۱۲

صفحہ ۲۸۸ نوٹ نمبر ۴ | اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۔ یہ خود زلیخا کا بیان ہے اور اس پر کسی مزید شہادت کے لانے کی ضرورت نہیں ہے اس لئے کہ جب ایک [illegible] مخالف حق پر ہے۔ اور وہ خود باطل پر تو پھر کسی اور شہادت کی کیا ضرورت ہے۔ ۱۲

صفحہ ۲۸۸ نوٹ نمبر ۵ | اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ ۔ تفسیر قمی کے بموجب یہ آیت اور اس سے اگلی آیت جو تیرہویں پارہ کی ابتدا ہے زلیخا کے قول کا تتمہ ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ [illegible] یوسف یہ جان لیں کہ جب ان کی غیبت میں ان کی نسبت مجھ سے سوال کیا گیا تو میں نے ان پر کوئی جھوٹ نہیں کہا حالانکہ میں اپنے آپ کو خیانت سے بری نہیں [illegible] تھی اور جھوٹ بولی تھی تو میں نے ضرور خیانت کی تھی۔ ۱۲

پارۂ دوازدہم ختم شد

فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۚ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝ و

(بیٹھے ہوں گے) یہ کیسا اچھا صلہ ہے اور وہ کتنی عمدہ جگہ ہوگی؟

لَهُمْ مَثَلًا رَجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَا

اُن کے لئے اُن دو آدمیوں کی مثل بیان کرو کہ ہم نے اُن دونوں میں سے ایک کے لئے انگور کے دو باغ لگا

حَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ۝ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ

ان دونوں کو خرمے کے درختوں سے گھیر دیا تھا اور ان دونوں باغوں کے درمیانی حصّہ میں کھیتی قائم کر دی تھی

أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِنْهُ شَيْئًا ۚ وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَرًا ۝ وَكَا

خوب پھل لایا کرتے تھے اور ان پھلوں میں ذرا سا بھی نقصان نہ ہوتا تھا اور ہم نے اُن دونوں کے بیچ میں ایک ندی جار

ثَمَرٌ فَقَالَ لِصَاحِبِهِ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا

اس شخص کے پاس بہت کچھ مال تھا پس وہ اپنے ساتھی سے باتیں کرنے میں کہنے لگا کہ میں مال کی حیثیت سے تجھ سے

نَفَرًا ۝ وَدَخَلَ جَنَّتَهُ وَهُوَ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ قَالَ مَا أَظُ

ہوں۔ اور جتھے کی حیثیت سے بھی بڑھا ہوا ہوں۔ اور وہ اپنے باغ میں ایسی حالت سے پہنچا کہ اپنے آپ پر

تَبِيدَ هَٰذِهِ أَبَدًا ۝ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِنْ رُ

کہنے لگا کہ میں گمان نہیں کرتا کہ یہ باغ کبھی بھی فنا ہوگا اور نہ میں یہ گمان کرتا ہوں کہ قیامت آئے گی اور اگر میں

إِلَىٰ رَبِّي لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِنْهَا مُنْقَلَبًا ۝ قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ

کی طرف لوٹایا بھی گیا تو ضرور بالضرور اس سے بہتر حالت پاؤں گا۔ اس کے ساتھی نے اس سے گفتگو کرتے

يُحَاوِرُهُ أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُطْ

کیا تو اس کا انکار کرتا ہے جس نے (فی الحقیقت) تجھ کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ

سَوَّاكَ رَجُلًا ۝ لَٰكِنَّا هُوَ اللَّهُ رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِرَبِّي أَحَ

تجھے ٹھیک ٹھاک آدمی بنا دیا۔ رہا میں سو میرا پروردگار تو وہی اللہ ہے اور میں اپنے پروردگار کا شریک

وَلَوْلَا إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللَّهُ لَا قُوَّ

اور تو نے اپنے باغ میں داخل ہوتے ہوئے یہ کیوں نہ کہا کہ جو کچھ اللہ نے چاہا (سو ہوا) خدا کی قوت کے بغیر کوئی

بِاللَّهِ ۚ إِنْ تَرَنِ أَنَا أَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَوَلَدًا ۝ فَعَسَىٰ رَ

گو تو یہ سمجھتا ہو کہ میں مال۔ ولد میں تجھ سے کم ہوں۔ مگر اب قریب

يُؤْتِيَنِ خَيْرًا مِنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا

مجھے تجھ سے بہتر باغ دے دے اور اس (تیرے باغ) پر آسمان سے عذاب بھیجدے کہ یہ

(بقیہ ص ۳۵۵) اسی پر خدائے تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی اور اس آیت میں مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَنْ ذِكْرِنَا سے مراد عیینہ ابن حصین بن حذیفہ بن بدر فزاری ہے جس کا ذکر اوپر ہو چکا ۱۲ ۴۔ قُلِ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكُمْ کافی میں جناب محمد باقر سے منقول ہے کہ جبرئیل امین اس آیت کو یوں لائے تھے قُلِ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكُمْ فِي وِلَايَةِ عَلِيٍّ ۱۲ ۵۔ الْمُهْلِ لفظی معنی روغن زیت کی تلچھٹ یا پگھلا ہوا تانبا۔ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ الْمُهْلِ سے مراد وہ چیز ہے جو روغن زیت میں سے بعد اس کے صاف کرنے کے نیچے بیٹھ جائے۔

حواشی صفحہ ہذا ۱۔ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا رَجُلَيْنِ لفظی معنی یہ ہیں کہ اُن کے لئے اُن دو آدمیوں کی مثل یا حالت بیان کرو اور مطلب یہ ہے کہ کفار اور مومن دونوں کے لئے ایسے دو شخصوں کی حالت بیان کرو جن میں سے ایک تو مالدار تھا اور ایک مفلس چنانچہ تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت ایک ایسے شخص کے بارے میں نازل ہوئی ہے جس کے دو بڑے بڑے باغ تھے جن میں بہت ہی کثرت سے میوہ پیدا ہوتا تھا جیسا کہ خود خدائے تعالیٰ بیان فرماتا ہے اور ان دونوں باغوں کے مینڈوں پر کھجور کے درخت بھی بہت سے تھے اور زراعت بھی خوب ہوتی تھی اور پانی بھی بکثرت تھا اور اس کے پڑوس میں ایک مفلس بھی رہتا تھا جس کے مقابل اس مالدار نے بہت کچھ شیخی بگھاری تھی ۲۔ وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ لفظی معنی اور تھا اس کے لئے پھل مگر یہاں ثمر اپنے لفظی معنوں میں استعمال نہیں ہوا۔ بلکہ ثمر سے مراد ہی معنی ہیں ہر طرح کا مال۔ چنانچہ جب عرب میں کسی کا مال زیادہ ہو جاتا ہے تو کہتے ہیں ثَمَّرَ مَالَهُ (اس کا مال بڑھ گیا) اور ہماری زبان میں بھی یہ محاورہ بولا جاتا ہے کہ تم پھولو پھلو۔ یہاں پھولنے پھلنے سے مراد یہ نہیں ہے کہ تم میں آم اور نارنگیاں لگ جائیں بلکہ دولت بڑھے۔ تمہاری آل و اولاد زیادہ ہو جائے ۳۔ محافظ ہو ضمیر میں ۴۔ مَا شَاءَ اللَّهُ ... ماشاء اللہ کا مطلب یہ ہے کہ مجھے برکات کا

وَلَا فِي الْأَرْضِ وَلَا أَصْغَرُ مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا

ہے اور نہ زمین کی اور نہ اُس سے چھوٹی چیز پوشیدہ ہے اور نہ

فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ۝ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَ

کھلی کتاب میں سب درج کا مذکور ہے - قیامت تمہارے لئے ضرور آئے گی - تاکہ خدائے تعالیٰ ان لوگوں کو جو ایمان لائے

الصَّالِحَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

کے جزائے خیر دے - گناہوں کی بخشش اور بہتر سے بہتر رزق اُن ہی کے لئے ہے

سَعَوْا فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِنْ

کو ہرانے کے لئے ہماری آیتوں کے باطل کرنے میں کوشش کی دکھ دینے والی تکلیفوں کا عذاب ہے اُن کے

وَيَرَى الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِي أُنْزِلَ

اور وہ لوگ جن کو علم دیا گیا ہے یہ دیکھ لیں گے کہ جو کچھ

رَبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطِ الْعَزِيزِ

اس سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے وُہی حق ہے اور وُہی زبردست (اور) لائق تعریف (خدا)

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ

ایت کرتا ہے - اور جو لوگ کافر ہو گئے انہوں نے یہ کہا کہ کیا ہم تمہیں ایسا شخص بتائیں

إِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ إِنَّكُمْ لَفِي خَلْقٍ

جب تم بالکل ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو پھر تم از سر نو پیدا

أَفْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَمْ بِهِ جِنَّةٌ ۗ بَلِ

کیا اُس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا ہے یا اُسے جنون ہے؟ (یہ تو نہیں) بلکہ

لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلَالِ

ایمان نہیں رکھتے وہ عذاب میں اور بڑی گمراہی

أَفَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

کیا انہوں نے اپنے آگے اور پیچھے

السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنْ نَشَأْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ

وز مین کے متعلقات پر نظر نہیں ڈالی - اگر ہم چاہتے تو ہم ان سمیت زمین کو دھنسا دیتے یا

عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِكُلِّ

ایک ٹکڑا گرا دیتے بیشک ہر رجوع کرنے والے بندہ کے لئے اسمیں نشانی

(بقیہ صفحہ گذشتہ) تو شیطان نے دوستی کے پیرائے میں ان کے دل میں یہ بات ڈالی۔ کہ اس منزلت کی تمنا کریں۔ اسی وجہ سے توفیق الٰہی ان کی یاور نہ رہی اور درخت گندم کھانے کی نوبت آئی۔ مختصر مطلب یہ ہے کہ اس کا نتیجہ یہ نکلا۔ کہ بعد آدمؑ تمام انبیاء اس امانت کی حفاظت کرتے رہے۔ اور اپنے اپنے اوصیاء کو اور اپنی اپنی امت کے خالص مومنوں کو اس کی اطلاع دیتے رہے۔ لیکن اس کے ادعاء کے سب منکر بلکہ اس سے خائف رہے اور اس کا مدعی ایک ایسا انسان بنا جو قیامت کے دن ہر ظلم و زیادتی کا بانی اور سرچشمہ سمجھا جائے گا۔ (اس کے متعلق اور حدیثیں ضمیمہ میں پڑھیئے) صفحہ نمبر ۵۱۱ کے حواشی یہاں ختم ہوئے +

(حواشی صفحہ ۵۱۲ گذشتہ)

سلہ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝ ثواب الاعمال میں جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ سورۂ احزاب سورۂ بقرہ سے بھی زیادہ طویل تھی مگر چونکہ اس میں عرب کے مردوں اور عورتوں کی عموماً اور قریش کی خصوصاً بداعمالیاں ظاہر کی گئی تھیں۔ اس لئے اسے کم کر دیا گیا اور اس میں تحریف کر دی گئی ہے ۱۲ سلہ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ ...... تا ...... فِي كِتَابٍ مُبِينٍ۔ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ سب سے پہلے خدائے تعالیٰ نے قلم کو پیدا کیا اور اسے حکم دیا کہ لکھ۔ پس جو کچھ ہو چکا تھا اور جو کچھ قیامت تک ہونے والا تھا اُس نے سب کچھ لکھ ڈالا ۱۲

سلہ هُوَ الْحَقَّ - تفسیر قمی میں ہے کہ اس سے مراد جناب امیرالمومنین علیہ السلام ہیں ۱۲

کسی کی ماں نظروں سے غائب ہوگی تو کسی کا دوست اُس کے پاس نہ ہوگا! جو شخص کسی عزیز کو جنّت میں نہ پائیگا تو بلا شک یہی سمجھیگا کہ وہ دوزخ میں ہے (اب آپ ہی خیال کیجئے) جب یہ بات معلوم ہو جائے گی کہ اُس کے دوست پر جہنم میں عذاب ہو رہا ہے تو اسے جنّت میں خاک مزہ آور چین آئیگا؟ فرمایا بعض تو (ایسے لوگوں کو جو عذاب کے مستحق ہیں) بھول جائیں گے اور بعض لوگ منتظر رہیں گے کہ وہ لوگ اعراف میں ہوں گے آجائیں گے۔

حضرت ابوذرِ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر حورانِ جنت میں سے کوئی حور آسمانِ دنیا پر اندھیری رات میں ظاہر ہو تو جو دھویں رات کے چاند سے زیادہ روشنی پھیل جائے اور تمام اہلِ دنیا کو اُسکی خوشبو معلوم ہو جائے اگر اہلِ جنّت کے کپڑوں میں سے کوئی کپڑا آج دنیا میں پھیلا دیا جائے تو جو شخص اُسکی طرف دیکھے اُس کی ایسی حالت ہو جائے گویا اُس پر بجلی گری اور دیکھنے والوں کی نظریں اُس کا تحمّل نہ کر سکیں۔

جنابِ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ قسم خدا کی جس نے محمدؐ پر قرآن مجید نازل فرمایا ہے اہلِ جنّت کا حُسن و جمال ہمیشہ بڑھتا ہی رہے گا جس طرح دنیا میں بڑھاپا بڑھتا جاتا ہے اور اُس کے ساتھ ہیئت بگڑتی جاتی ہے۔

جنابِ امام جعفرِ صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں کہ جب روزِ قیامت ہوگا تو جنّت کے پردوں میں سے ایک پردہ اٹھایا جائے گا اور اُسکی خوشبو ہر ذی روح کو پانسو برس کی راہ سے محسوس ہوگی۔ مگر ایک گروہ کو یہ خوشبو نہ آئے گی۔ راوی نے عرض کی (یابن رسول اللہؐ) وہ کون سا گروہ ہے؟ فرمایا جس کو ماں باپ نے عاق کر دیا ہو۔

جنابِ امام محمّد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جنابِ رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا (ایہا النّاس!) والدین کی نافرمانی سے بچو کہ جنّت کی خوشبو ایک ہزار سال کی مسافت سے محسوس ہوگی مگر والدین کا عاق کردہ اور قطعِ رحم کرنے والا اور بوڑھا زناکار اور وہ شخص جو ازروئے تکبّر اپنے کپڑوں کو زمین پر کھینچتا ہوا چلے اس کی خوشبو نہ سونگھیں گے تکبّر تو تمام عالموں کے پروردگار خدا ہی کے لیے زیبا ہے۔

جنابِ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ کہتا ہے صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ تو اس کے جواب میں خداوند عالم فرماتا ہے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ پس تم لوگوں کو چاہیے کہ بکثرت درود بھیجا کرو۔ اور جو شخص صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ کہے اور میری آل پر درود نہ بھیجے تو وہ ہرگز جنّت کی خوشبو نہ سونگھے گا حالانکہ وہ پانسو برس کی راہ سے محسوس ہوتی ہوگی۔

قولِ صاحبِ تفسیر برہان: ۔ اس مضمون کی روایتیں بکثرت ہیں مگر ہم نے بخوفِ طوالت ترک کر دی ہیں۔

صفحہ ۶۴۰ نوٹ ۷ | ثُلَّۃٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ ۝ وَ ثُلَّۃٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ ۝ تفسیرِ قمی میں ہے کہ جناب امام جعفرِ صادقؑ سے اس کا مطلب دریافت کیا گیا تھا تو فرمایا کہ ثُلَّۃٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ ۝ حزقیلؑ مومنِ آلِ فرعون ہیں۔ اور ثُلَّۃٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ ۝ جنابِ علیؑ مرتضیٰ ہیں الخصال میں جنابِ رسولِ خداؐ سے منقول ہے کہ اہلِ جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسّی صرف اِس اُمّت کی ہوں گی۔ (اور چالیس اور اُمّتوں کی)۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۰ نوٹ ۸ | اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝ قمی میں ہے کہ الشِّمَالِ سے مراد ہیں دشمنانِ آلِ محمّدؐ اور اَصْحٰبُ الشِّمَالِ سے مراد ہیں سب ان کی یاری کا دم بھرنے والے۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۲ نوٹ ۵ | فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝ تفسیرِ مجمع البیان میں جناب امام محمّد باقرؑ اور جناب امام جعفرِ صادقؑ سے منقول ہے کہ ستاروں کا گرنا شیاطین کے لیے مار ہے اور مجرم (اپنی بریّت کیلئے) اس کی قسم کھایا کرتے تھے پس خدا تعالےٰ نے فرمایا کہ جس قسم کو تم عظیم الشان سمجھتے ہو میں بھی وہی قسم کھاتا ہوں نیز ایک روایت میں عبداللہ ابن عباس سے یہ بھی وارد ہوا ہے کہ ایک معنی اس کے یہ ہیں کہ میں نزولِ قرآن مجید کی قسم کھاتا ہوں کیونکہ قرآن مجید متفرق طور پر قطعاً قطعاً اور نجماً نجماً نازل ہوا ہے۔ کافی میں جناب امام جعفرؑ صادق سے منقول ہے کہ جاہلیت کے زمانہ والے ستاروں کے ٹوٹنے کی قسم کھایا کرتے تھے اور جو ان کی قسم کھاتا تھا اسکا معاملہ عظیم الشان سمجھا جاتا تھا پس خدا تعالےٰ نے کہا کہ میں بھی اس کی قسم کھاتا ہوں۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۲ نوٹ ۶ | وَاِنَّہٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ ۝ من لا یحضرہ الفقیہ میں جناب امام جعفرؑ صادق سے منقول ہے کہ اس سے مراد وہ قسم ہے جو کوئی شخص گناہ سے اپنی بریّت کیلئے کھائے۔ بے شک وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی ہے۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۲ نوٹ ۷ | اِنَّہٗ لَقُرْاٰنٌ کَرِیْمٌ ۝ تفسیرِ صافی میں ہے کہ کَرِیْمٌ کے لفظی معنی ہیں بہت نفع پہنچانے والا۔ اور معاد و معاش کی اصلاح کے لیے جن جن علوم کی ضرورت ان سب کے اصول پر حاوی ہونے والا۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۲ نوٹ ۸ | لَا یَمَسُّہٗٓ اِلَّا الْمُطَہَّرُوْنَ ۝ تہذیب الاحکام میں جناب امام موسیٰ کاظمؑ سے منقول ہے کہ مصحف کو ناپاک ہونے کی حالت میں نہ چھوا جائے اور جنب ہونے کی حالت میں نہ چھوا جائے اور نہ لٹکایا جائے۔ نہ اس کی ڈوری چھوئی جائے اور نہ اُس کے اور متعلّقات اسلیے کہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ لَا یَمَسُّہٗٓ اِلَّا الْمُطَہَّرُوْنَ ۝ احتجاج طبرسی میں ہے کہ جب عمرؓ (ابوبکر کی طرف سے) خلیفہ بنا یا تو اس نے جناب امیر المومنینؑ سے درخواست کی کہ وہ حضرتؑ اپنا قرآن مجید عوام النّاس کو دیدیں تاکہ ان لوگوں میں جو قرآن رائج تھا اُس سے ملا کر دیکھ لیں۔ اُن حضرتؑ سے گفتگو ان لفظوں میں کی کہ اے ابوالحسنؑ اگر آپ مناسب جانیں تو وہ قرآن لے آئیں جو ابوبکر کے سامنے لائے تھے تاکہ ہم سب اُس پر اجتماع ہو جائے؟ حضرتؑ نے فرمایا افسوس! اب اس کے ملنے کا تمھارے لیے کوئی موقع نہیں۔ میں ابوبکر کے پاس اُس کو اس لیے لایا تھا کہ تم پر حجت ہو جائے اور تم قیامت کے دن یہ نہ کہہ سکو کہ ہم اس سے بے خبر تھے۔ نہ یہ کہہ سکو کہ آپ اُسے ہمارے پاس لائے نہ تھے۔ ورنہ جو قرآن مجید میرے پاس ہے اسے تو سوائے مطہّرون کے یعنی ان اوصیاؑ کے جو میری اولاد سے ہوں گے اور کوئی چھو بھی نہیں سکتا۔ عمر نے کہا آیا اُس کے اظہار کا کوئی وقت بھی معیّن ہے۔ حضرتؑ نے فرمایا ہاں۔ معلوم ہے۔ جب میری اولاد میں سے قائم آلِ محمّدؐ ہوں گے وہ اس کو ظاہر بھی کریں گے اور سب لوگوں کو اُسی پر چلائیں گے اور تمام قواعد و قوانین کے مطابق جاری ہوں گے۔ ۱۲

قولِ مترجم۔ مَسّ کے دو معنی ہیں ایک تو ہاتھ سے چھونا جیسا کہ مندرجہ نوٹ التہذیب والی حدیث میں وارد ہوا ہے جس کی جُنُب کے لیے ممانعت کی گئی ہے۔ اور دوسرے معنی ہیں عقل و علم سے سمجھنا جیسا کہ محاورہ میں کہتے ہیں کہ فلاں شخص کو عقل و علم سے مس بھی نہیں۔ یہ معنی جنابِ امیر علیہ السّلام نے احتجاج والی حدیث میں ارشاد فرمائے ہیں

لہٰذا دونوں حدیثوں میں فی الحقیقت کوئی اختلاف نہیں۔

صفحہ ۶۴۲ نوٹ ۹ | وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ ؛ تفسیر قمی میں ہے کہ جناب امیرالمومنینؑ نے سورہ واقعہ تلاوت فرمائی تو اس آیت کو یوں تلاوت فرمایا۔ وَتَجْعَلُوْنَ شُكْرَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ جب ختم فرما چکے تو ارشاد فرمایا کہ میں جانتا تھا کہ کوئی کہنے والا ضرور کہے گا کہ یہ آیت یوں کیوں پڑھی۔ میں نے اس کو اسطرح اس لیے پڑھا کہ جناب رسولؐ خدا کو اسی طرح تلاوت فرماتے سُنا تھا۔ اور لوگوں کی یہ حالت تھی کہ جب بارش ہوتی تو وہ یہ کہتے کہ فلاں اور فلاں ستارے کے سبب ہم پر بارش ہوئی اس پر خدا تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ وَتَجْعَلُوْنَ شُكْرَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ نیز جناب امام جعفرؑ صادق سے بھی منقول ہے کہ ان حضرت کے سامنے وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ پڑھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اصل تو وَتَجْعَلُوْنَ شُكْرَكُمْ ہے۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۲ نوٹ ۱۰ | اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝ ؛ کافی میں جناب امام جعفرؑ صادق سے اس آیت کی تفسیر میں منقول ہے کہ جب جان حلقوم تک آجائے گی تو جنت میں جو اس کا مقام ہے اُسے دکھلا دیا جائے گا۔ اُسوقت وہ کہے گا کہ مجھے دنیا کی طرف پھر لوٹا دو کہ میں جو کچھ دیکھ چکا ہوں اس کی اپنے بال بچوں کو خبر کردوں۔ اس وقت اُسے جواب دیا جائے گا کہ اب لوٹنے کی کوئی صورت نہیں۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۳ نوٹ ۵ | سَبَّحَ لِلّٰهِ ؛ تفسیر صافی میں ہے کہ اس سورے کے شروع میں اور سورۃ الحشر اور سورۃ الصف کے شروع میں سَبَّحَ بصیغۂ ماضی آیا ہے اور سورۃ الجمعۃ اور سورۃ التغابن کے شروع میں يُسَبِّحُ بصیغۂ مضارع۔ ان میں اس بات کا اشارہ ہے کہ ان افعال کے فاعل اپنے تمام اوقات میں خدا تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے رہتے ہیں۔ اس لیے کہ یہ عادت جبلّی ہے جو حالات کے بدلنے سے بدل نہیں جاتی اور سورۂ بنی اسرائیل کے شروع میں لفظ سُبْحَانَ مصدر مطلق آیا ہے، وہ بلاغت میں زیادہ ہے اسلیے کہ اسکے مطلق ہونے سے یہ بات پائی جاتی ہے کہ خدا تعالیٰ کا یہ استحقاق ہر چیز کے متعلق اور ہر حال میں پایا جاتا ہے کہ اُسکی پاکی بیان کی جائے۔ اور باوجود اس بات کے کہ یہ فعل بذات خود متعدّی تھا پھر اسکو متعدی در متعدی بنانے کے لیے لام بھی لایا گیا ہے یہ اس بات کا اظہار کرتا ہے کہ اس فعل کا وقوع محض خدا کے واسطے ہوتا ہے اور خلوص کے ساتھ پاکی بیان کرنے والے کا مقصود اسی کی ذات ہوتی ہے۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۳ نوٹ ۶ | هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ؛ تفسیر برہان میں بحوالۂ کافی منقول ہے کہ ابن ابی یعفور نے جناب امام جعفرؑ صادق سے خدا تعالےٰ کے اس قول کا مطلب دریافت کیا اور یہ عرض کی کہ اول کو تو ہم پہچان گئے۔ رہا آخر اس کی تفسیر ہمارے لیے بیان فرما دیجئے۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ سوائے خدائے تعالےٰ کے ایک چیز بھی ایسی نہیں ہے جو ہلاک و متغیّر نہ ہو جائے۔ یا اُس میں تغیّر و زوال راہ نہ پائے یا وہ ایک رنگ سے دوسرے رنگ کی طرف اور ایک صورت سے دوسری صورت کی طرف اور ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف اور زیادتی سے کمی کی طرف اور کمی سے زیادتی کیطرف منتقل نہ ہو جائے بے شک پروردگار عالم ایک ہی حالت پر رہا ہے اور ایک ہی حالت پر رہے گا۔ وہ اس معنی میں اوّل ہے کہ ہر چیز کے آغاز سے اول سے اول ہے اور اس معنی میں آخر ہے کہ ایک ہی حالت پر رہا اور اُس کی صفتیں اور نام وغیرہ کبھی نہ بدلیں گے جیسے انسان کی حالتیں اور نام وغیرہ بدل جاتے ہیں کہ کبھی وہ مٹی ہوتا ہے اور کبھی خون و گوشت ہوتا ہے اور کبھی گلی سڑی ہڈی۔ اور جیسے کھجور کا پھل کہ کبھی وہ بلح کہلاتا ہے اور کبھی بُسرا اور کبھی رطب اور کبھی تمر کہ اس کے نام بھی بدلتے جاتے ہیں اور اس کی حالتیں بھی بدلتی جاتی ہیں۔ یہ حالتیں خدائے عزّ و جل کی نہیں ہیں۔ کافی میں جناب امیرالمومنین کا ایک خطبہ منقول ہے اس میں یہ فقرے بھی ہیں کہ خدا تعالےٰ ایسا اوّل ہے کہ اس کی اولیت کی کوئی انتہا نہیں۔ اور ایسا آخر ہے کہ اس کی آخریت کی بھی کوئی حدّ و غایت نہیں۔ اور فرمایا کہ باطن سے یہ مراد ہے کہ خفیہ سے خفیہ باتوں کو خوب جانتا ہے۔ اور ظاہر کے یہ معنی ہیں کہ اس کی مخلوق میں اس کی تدبیر کی علامتیں اتنی ہیں کہ ان کی ذریعہ سے عقلاء کی عقلیں اس کے وجود کو ظاہر بہ ظاہر دیکھتی ہیں۔ ۱۲

جناب امام رضا علیہ السّلام نے اسمائے باریتعالیٰ کی توضیح و تفسیر میں ارشاد فرمایا کہ خدائے تعالیٰ کا نام ظاہر اس لیے نہیں ہے کہ وہ اشیاء کی پشت پر سوار ہے یا بیٹھا ہوا ہے۔ بلکہ اسے ظاہر اس لیے کہتے ہیں کہ وہ تمام چیزوں پر غالب ہے اور اس کی قدرت سب کو گھیرے ہوئے ہے اس کی مثال یہ ہے کہ کوئی شخص مثلاً یہ کہے ظَهَرْتُ عَلٰٓى اَعْدَآئِيْ وَاَظْهَرَنِيَ اللّٰهُ عَلٰى خَصْمِيْ (میں اپنے دشمن پر غالب آگیا۔ خدا نے مجھکو میرے دشمن پر غالب کر دیا) تو غرض اس کی اس قول سے اظہار کامیابی اور غلبہ ہوتی ہے۔ اسی طرح خدائے تعالےٰ بھی تمام چیزوں پر غالب ہے۔ دوسری وجہ اس کے ظاہر ہونے کی یہ ہے کہ جو شخص خدا کی مخالفت کا قصد کرے تو وہ اُس کیلئے ظاہر ہے یعنی خدا تعالیٰ پر کوئی بات پوشیدہ نہیں اور خدائے تعالیٰ ہر شے کی جسے وہ دیکھتا ہے تدبیر کرنے والا ہے پس خدا سے زیادہ اور کون ظاہر اور واضح ہوگا۔ کیونکہ جدھر تم توجہ کرو خدا کی صنعت تمہارے پیش نظر ہے بلکہ خود تمہاری ذات میں خدا کی قدرت کے اتنے آثار موجود ہیں کہ اس کو ظاہر سمجھنے کے لیے وہی کافی ہیں۔ اور ہم میں ظاہر اُسے کہتے ہیں جس کی ذات نمایاں ہو اور جس کی حقیقت معلوم ہو۔ تو یہ لفظ خدا پر بھی صادق آیا اور مخلوق پر بھی مگر معنی بدل گئے۔ اب رہا اَلْبَاطِنُ تو وہ اس معنی میں نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں میں پوشیدہ اور سمایا ہوا۔ بلکہ وجہ یہ ہے کہ وہ تمام چیزوں کے بھید سے واقف اور ان کا محافظ و مدبّر ہے اور یہ لفظ الباطن مشتق ہے اِبْطَنْتُهٗ سے یعنی میں اس کی خبر رکھتا ہوں۔ یا میں اس کے بھید سے واقف ہوں۔ (پس باطن کے معنی ہوئے واقفِ اسرار) اور مخلوقات میں سے باطن وہ کہا جائے گا جو کسی چیز میں غائب اور پوشیدہ ہو جائے۔ پس لفظ باطن خدا پر بھی صادق آیا اور مخلوق پر بھی مگر معنی جُدا جُدا ہیں۔

جابرؓ ابن عبداللہ انصاری کہتے ہیں کہ مجھے عمارؓ یاسر مدینہ کے ایک کوچہ میں ملے میں نے اُن سے جناب رسولِ خدا کا حال دریافت کیا۔ عمارؓ یاسر نے جواب دیا کہ وہ حضرتؐ بجمیع اصحاب کے ہمراہ مسجد میں رونق افروز ہیں اور یہ بھی بیان کیا کہ جب آنحضرتؐ نماز صبح ادا کر چکے اور آفتاب نکل آیا۔ تو علی ابن ابیطالب علیہ السّلام آگے بڑھے۔ ان کو دیکھکر جناب رسولؐ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ کھڑے ہو گئے اور دونوں آنکھوں پر بوسہ دے کے اپنے پہلو میں اتنا قریب بٹھا لیا کہ دونوں کے زانو سے زانو مل گئے۔ پھر فرمایا اے علیؑ! اٹھو اور آفتاب کو جواب دو کہ وہ تم سے کچھ کہہ رہا ہے۔ یہ سُن کر اہل مسجد کھڑے ہو گئے اور کہنے لگے یارسولؐ اللہ کیا آفتاب ہمارے برخلاف کوئی بات کہتا ہے؟ اور بعض منافق کہنے لگے یہ تو ہمیشہ اسی فکر میں رہتے ہیں کہ اپنے ابن عم کا مرتبہ بڑھائیں اور ان کا نام روشن کریں پس بموجب ارشادِ جناب رسولِ خدا جناب علیؑ ابن ابیطالب علیہ السّلام مسجد کے صحن میں آئے اور آفتاب سے خطاب فرمایا كَيْفَ اَصْبَحْتَ يَا خَلْقَ اللّٰهِ ؟ اے مخلوقِ خدا!

الْعُيُونِ ○ لِيَأْكُلُوا مِنْ ثَمَرِهِ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِ

دیتے ہیں۔ تاکہ یہ اُن کے پھلوں میں سے بھی کھائیں اور اپنے ہاتھوں کی محنت سے

يَشْكُرُونَ ○ سُبْحٰنَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا

شکر نہ ادا کریں گے۔ منزہ ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کے جوڑے جوڑے پیدا کیے

الْأَرْضُ وَمِنْ أَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ ○ وَآيَةٌ لَ

زمین سے اگتی ہے اور ان (منکرین) کی ذات کے (بھی) اور ان چیزوں کے (بھی) جن کو یہ نہیں جانتے -

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُمْ مُظْلِمُونَ ○ وَالشَّمْ

جس میں سے ہم دن کو نکال لاتے ہیں پھر یہ یکایک اندھیرے میں رہ جاتے ہیں۔ اور سورج (بھی)

لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ

مقررہ مقام کی طرف چلا جاتا ہے - یہ ایک بڑے زبردست صاحب علم کا مقرر کر دیا ہے -

قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُونِ الْقَدِيمِ ○

جس کی ہم نے منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں تک کہ وہ پلٹ کر پرانی شاخ کی (ٹوٹی) صورت اختیا

يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا اللَّيْلُ سَابِقُ النَّ

یہ مجال ہے کہ چاند کو پکڑ پائے اور نہ رات ہی کی یہ قدرت ہے کہ دن سے

فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ○ وَآيَةٌ لَهُمْ أَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّ

کسی (نہ کسی) آسمان میں پھرتے رہتے ہیں۔ اور ایک نشانی ان کے لئے یہ بھی ہے کہ ہم نے

الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ○ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِنْ مِثْلِهِ مَ

بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا تھا۔ اور ان کے لئے بھی ایسی ہی چیزیں پیدا کر دی ہیں جن

وَإِنْ نَشَأْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْ

اور اگر ہم چاہتے تو ان کو ڈبو دیتے پس نہ ان کا کوئی فریاد رس ہوتا اور نہ

إِلَّا رَحْمَةً مِنَّا وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ○ وَإِذَا قِيلَ

سوائے اس کے کہ ہماری رحمت ہو اور ایک عرصہ کے لئے نفع پہنچانا (مدنظر ہو) اور جب وقت ان سے

مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَ

اپنے گزشتہ (گناہوں) سے ڈرو اور آئندہ (کے عذاب) سے خوف کرو تاکہ تم پر رحم کیا

تَأْتِيهِمْ مِنْ آيَةٍ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا

اُن کے پاس اُن کے پروردگار کی نشانیوں میں سے ایک بھی ایسی نہیں آتی

سلہ خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ - تفسیر قمی میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ نطفہ آسمان سے زمین پر نازل ہوتا ہے اور نباتات پر یعنی پھلوں اور درختوں پر قرار لیتا ہے پس آدمی بھی اس نباتات میں سے کھاتے ہیں اور جانور بھی۔ لہٰذا ان سب کے صلب میں وہ پہنچ جاتا ہے ۱۲ سلہ ۵۲ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُمْ مُظْلِمُونَ - کافی میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے۔ کہ اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ جناب رسولِ خدا کا انتقال ہوتے ہی ایسا اندھیرا چھا گیا کہ لوگوں کو ان کے اہل بیتؑ کی فضیلت ہی نظر نہ آئی ۱۲ سلہ ۵۳ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا تفسیر مجمع البیان میں جناب امام محمد باقرؑ اور جناب امام جعفر صادق علیہما السلام سے منقول ہے کہ وہ دونوں بزرگوار اس کو یوں تلاوت فرماتے تھے لَا مُسْتَقَرَّ لَهَا جس کے معنی یہ ہیں کہ اس کو سکون و قرار نہیں ہے بلکہ برابر حرکت میں ہے۔ (قول مترجم) زمانہ حال کے ہیئت داں زمین کی ایک تیسری حرکت بھی ثابت کرتے ہیں یعنی اس فضائے وسیع میں آفتاب مع اپنے تمام نظام کے کسی طرف چلا جا رہا ہے۔ اس خیال کی تائید لَا مُسْتَقَرَّ لَهَا سے ہوتی ہے جس کے ایک معنی یہ بھی ہیں کہ اس کے لئے کوئی مقرر جگہ نہیں ہے ۱۲ سلہ ۵۴ مَنَازِلَ تفسیر صافی میں ہے کہ اس سے مراد وہ اٹھائیس منزلیں ہیں جن میں سے ایک ایک میں چاند ہر رات کو پہنچتا رہتا ہے نہ کسی سے پیچھے رہ جاتا ہے اور نہ کسی سے آگے بڑھ جاتا ہے ۱۲

اس صفحہ کے باقی حواشی ضمیمہ میں دیکھئے۔

ہیں بھی ان میں سے ایک ہو گیا۔ امیر المومنینؑ نے فرمایا جیسے بچھڑا پوجنے والوں نے بچھڑے پر اجتماع کر لیا تھا۔ تم لوگوں کی بھی یہاں آزمائش ہوئی اور تمہاری مثل وہی ہے۔ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝ ۔۱۲

صفحہ ۶۰۶ نوٹ ۳ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ: تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ اصل تنزیل یوں ہوئی تھی آمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ فِي عَلِيٍّ (یعنی اور جو کچھ محمد مصطفیٰؐ پر حضرت علیؑ کے بارے میں نازل کیا گیا اس پر ایمان لائے)۔

صفحہ ۶۰۷ نوٹ ۵ وَلَٰكِنْ لِيَبْلُوَ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ: تفسیر صافی میں ہے کہ اس کا یہ مطلب ہے کہ تم کو لڑائی کا حکم دیا تاکہ مومنین کی آزمائش تو کفار کے ذریعہ سے یوں کرے کہ وہ ان سے جہاد کریں اور ثواب عظیم کے مستحق ہو جائیں اور کفار کی آزمائش یوں کرے کہ مومنوں کے ہاتھوں سے جلد ان کو کچھ عذاب پہونچائے تاکہ ان میں سے بعض کفر سے باز آجائیں۔۱۲

صفحہ ۶۰۷ نوٹ ۶ عَرَّفَهَا لَهُمْ: تفسیر قمی میں ہے کہ اس سے یہ مطلب ہے کہ جنت کا ان سے وعدہ کیا ہے اور وہ ان کے لئے ذخیرہ فرمائی ہے۔۱۲

صفحہ ۶۰۷ نوٹ ۷ إِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ: لفظی معنی اگر تم اللہ کی نصرت کروگے۔ تفسیر صافی میں ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم اللہ کی اور اللہ کے دین کی اور اللہ کے رسولؐ کی اور رسول اللہ کے وصی کی نصرت کروگے۔۱۲

صفحہ ۶۰۷ نوٹ ۸ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ الخ: تفسیر قمی میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جبرئیل امین نے جناب رسول خدا کو یہ آیت یوں پہونچائی تھی ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فِي عَلِيٍّ مگر مرتدین نے نام اڑا دیا۔ پس اس کا نتیجہ بھگتیں گے جو آگے بیان فرمایا ہے فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ ۔۱۲

صفحہ ۶۰۷ نوٹ ۹ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ: تفسیر قمی میں ہے کہ اس کا یہ مطلب ہے کہ آیا انھوں نے گزشتہ حالات پر غور نہیں کیا جن کو خدا تعالیٰ نے ہلاک کیا اور عذاب دیا۔۱۲

صفحہ ۶۰۸ نوٹ ۷ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ: تفسیر قمی میں ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ اس جنت میں ہیں جس کا بیان ہو چکا ہے وہ اس شخص کے مانند نہیں ہو سکتے جو جہنم میں ہو جیسے کہ دشمن خدا ولیِ خدا کے مانند نہیں ہو سکتا اور نیز جناب امام محمد باقرؑ سے بروایت اپنے والد ماجد کے منقول ہے کہ جناب رسول خدا نے یہ فرمایا کہ جب میں جنت میں پہونچا تو میں نے وہاں درخت طوبیٰ دیکھا جس کی جڑ سے یہ چاروں نہریں جاری ہوتی ہیں جن کا ذکر اوپر کی آیت میں ہے کافی میں جناب امام محمد باقرؑ سے جناب رسول خداؐ کی ایک حدیث میں منقول ہے جس کا ایک جزو یہ بھی ہے کہ مومن بھی جنت میں ایسا نہ ہوگا کہ جس کے بہت سے باغات نہ ہوں کہ ان میں سے بعض میں ٹٹیاں ہوں اور بعض میں نہ ہوں گی اور شراب پانی کی اور دودھ کی نہریں بھی جاری ہوں گی۔۱۲

صفحہ ۶۰۸ نوٹ ۸ وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ ..... تا ..... مَاذَا قَالَ آنِفًا: تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت اصحاب رسولؐ میں سے جو منافق تھے ان کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ ان کی حالت یہ تھی کہ جب کوئی بات سنتے تھے اس پر ایمان نہ لاتے اور نہ اسے یاد رکھتے۔ اور جب آنحضرتؐ کے پاس سے نکل کر باہر جاتے تو مومنین سے دریافت کرتے کہ محمدؐ (محمد مصطفیٰؐ) نے ابھی ابھی کیا فرمایا تھا؟ اور تفسیر مجمع البیان میں جناب امیر المومنینؑ سے منقول ہے کہ ہم جناب رسول خدا کے پاس ہوتے اور حضرتؐ ہم کو وحی کی باتیں سناتے تو میں ان کو یاد رکھتا اور والله اوروں کو کچھ بھی یاد نہ رہتا اور جب آنحضرتؐ کی خدمت سے اٹھ کر باہر آتے تو مجھ سے دریافت کرتے کہ آنحضرتؐ نے ابھی ابھی کیا فرمایا تھا۔۱۲

صفحہ ۶۰۹ نوٹ ۲ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ حجۃ الوداع میں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ کے ہمراہ تھے۔ آنحضرتؐ کعبۃ اللہ میں تشریف لائے اور خانۂ کعبہ کا دروازہ حلقہ پکڑ کے ہماری طرف مخاطب ہو کے فرمانے لگے آیا میں تم کو علاماتِ قیامت سے آگاہ نہ کروں؟ اس دن سلمانؓ فارسی رضی اللہ تعالےٰ عنہ بہ نسبت اور لوگوں کے آنحضرتؐ سے زیادہ قریب تھے۔ سب لوگوں نے عرض کی یا رسول اللہ! ضرور بیان کیجئے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ علامت قیامت میں سے ہے نماز کا ضائع کرنا۔ خواہش نفسانی کی پیروی کرنا۔ ہوا و ہوس کی طرف مائل ہونا۔ مالداروں کی تعظیم کرنا۔ دین کو دنیا کے عوض فروخت کرنا۔ اور مومن جب یہ افعالِ قبیحہ ہوتے دیکھے گا تو اس کا دل اس طرح پگھلے گا جیسے کہ پانی میں نمک (پگھلتا ہے) کیونکہ اس کو ان برائیوں کے دور کرنے کی قدرت نہ ہوگی۔ سلمانؓ فارسی نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا یہ باتیں ضرور ہوں گی؟ آنحضرتؐ نے فرمایا اے سلمانؓ! ہاں اسی کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ قیامت کے قریب حکام ظالم اور وزراء بدکردار اور امراء ستمگار اور امانت دار خائن ہو جائیں گے۔ سلمانؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا یہ باتیں بھی سب ہونگی؟ آنحضرتؐ نے فرمایا اے سلمانؓ! ہاں۔ خدا کی قسم جس کی قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس وقت نیک کام برے سمجھے جائیں گے۔ برائیاں اچھی معلوم ہونگی۔ خیانت کرنے والا امین متصور ہوگا اور امانت دار خائن (سمجھے جائیں گے) جھوٹے کو سچا جانیں گے اور سچے کو جھوٹا۔ سلمانؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا یہ امور بھی ضرور ہوں گے؟ آنحضرتؐ نے فرمایا ہاں ضرور ہوں گے۔ اے سلمانؓ خدا کی قسم جس کے اختیار میں میری جان ہے اس وقت عورتیں اپنے شوہروں کے ساتھ تجارتیں کیا کریں گی بارش کے موسم میں دھوپ پڑے گی بزرگ مرتبہ اشخاص غصہ ور اور تنگ دست (خلائق کی نظروں میں) حقیر و ذلیل ہو جائیں گے۔ اور جس وقت دوکاندار یہ کہنے لگیں گے کہ ہم نے تو کچھ بیچا ہی نہیں۔ کوئی یہ کہے گا کہ ہمیں تو کچھ نفع ملا ہی نہیں تو تم بازاروں میں جانا چھوڑ دینا کیونکہ تم وہاں ہر شخص کو خدا کی مذمت کرتے ہوئے دیکھو گے۔ سلمانؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا یہ بھی ہوگا؟ آنحضرتؐ نے فرمایا ضرور۔ اے سلمانؓ! اسی کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس زمانے میں ایک قوم ہوگی کہ اگر وہ بات کریں گے تو لوگ انھیں قتل کر دیں گے اور اگر وہ خاموش رہیں گے تو لوگ ان کا مال لوٹ لیں گے۔ اصلی غرض ان کی یہ ہوگی کہ خوب لوٹیں اور لوگوں کی عزت و آبرو خاک میں ملائیں اور ان کے خون بہائیں تاکہ دلوں میں خوف اور دہشت بیٹھ جائے پس تم ہر شخص کو خائف و ترساں ہی دیکھو گے۔ سلمانؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا یہ حادثے بھی برپا ہوں گے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا ہاں۔ اے سلمانؓ اسی کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس زمانے کے لوگ ایک چیز مشرق سے اور ایک چیز مغرب سے لائیں گے اور میری امت انہی چیزوں کو اپنا ملجا و ماویٰ بنائیگی۔ اس وقت میری امت کے مفلس لوگوں کی حالت افسوسناک ہوگی۔ خدا ان کو (اوندھے منہ) ویل (دوزخ) میں ڈالے گا وہ لوگ چھوٹوں پر رحم نہ کریں گے اور بڑوں کی توقیر نہ کریں گے۔ اور مجرم کے قصور کو معاف نہ کریں گے۔ بدن تو ان کے آدمیوں کے سے اور دل ان کے شیطانوں کے سے ہوں گے۔ سلمانؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا یہ باتیں بھی ہوں گی؟ آنحضرتؐ نے فرمایا ضرور بالضرور ہوں گی۔ اے سلمانؓ! اسی کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس زمانے میں مرد مردوں کو اور عورتیں عورتوں کو (اپنی خواہش پوری کرنے کے لئے) کافی سمجھیں گے اور لڑکوں

طلب مغفرت کر لی تو گناہ درج نہ ہوگا۔ اور اگر یہ سب وقت گزر گیا اور اس نے طلب مغفرت نہ کی تو ایک بدی اس کے نامہ اعمال میں لکھی جائے گی۔ اور مومن کو بیس برس کے بعد بھی اگر اپنا گناہ یاد آجائے اور وہ خدا سے طلب مغفرت کرلے تو خدا تعالیٰ اسکو بخش دے گا۔ اور کافر وقت کے وقت بھول جائے گا۔ اور پھر اسے خیال بھی نہ آئیگا۔ اس حدیث کے اوّل حصّہ کا ذکر سن کر عباد بصری ان جناب کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگا۔ مجھے خبر ملی ہے کہ آپ نے یہ فرمایا ہے کہ جو بندہ بھی کوئی گناہ کرے تو خدا تعالےٰ نے اس کو سات گھنٹے کی مہلت دیتا ہے)

بکیر نے جناب امام جعفر صادق یا امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آدم علیہ السلام نے درگاہ خدا میں عرض کی خدایا تو نے شیطان کو مجھ پر (میری اولاد پر) مسلّط کیا یہاں تک کہ تو نے ہر رگ خون میں دوڑا دیا۔ تو تو مجھے بھی کچھ قوت دے۔ ارشاد باری ہوا اے آدمؑ میں نے تمھارے لئے یہ قرار دیا ہے کہ تمھاری اولاد میں سے جو کوئی بدی کا ارادہ کرے گا تو اس کے ذمّہ کوئی گناہ نہ لکھا جائے گا۔ اور اگر وہ مرتکب ہو جائے گا تو صرف ایک گناہ لکھا جائے گا۔ اور جو شخص نیکی کا قصد کرے گا اور اسے بجا نہ لائے گا تو بھی ایک نیکی اس کے نامۂ اعمال میں لکھ دی جائے گی۔ اور اگر وہ نیکی کرے گا تو (کم از کم) دس نیکیاں درج کی جائیں گی۔ حضرت آدمؑ نے عرض کی الٰہی! کچھ اور بڑھا دے۔ ارشاد ہوا کہ میں نے ان کے لئے توبہ بھی قرار دی۔ اور توبہ کو اتنی وسعت دی کہ اگر وہ لوگ اس وقت تک بھی توبہ کرلیں کہ ان کا دم ان کے گلے میں آگیا ہو تو بھی میں قبول کرلوں گا۔ حضرت آدمؑ نے عرض کی خداوندا! بس کافی ہے۔

اسحاق بن عمار کہتے ہیں کہ میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرتؑ نے مجھے ترشروئی سے ملاحظہ فرمایا۔ میں نے عرض کی اے مولا! کیا سبب ہے کہ حضور مجھ سے (اتنی جلد) متغیر ہو گئے۔ فرمایا وہی سبب ہوا جس نے تم کو برادرانِ ایمانی سے متغیر کر دیا۔ اے اسحاق! میں نے سنا ہے کہ تم نے اپنے دروازے پر دربان بٹھا دیا ہے جو فقرائے مومنین کو تمھارے پاس جانے سے باز رکھتا ہے۔ میں نے عرض کی اے مولا! میں آپ پر فدا ہو جاؤں مجھے شہرت کا خوف ہے (اس لئے میں نے یہ تدبیر کی ہے) حضرتؑ نے فرمایا اے اسحاق! تم شہرت سے تو ڈر گئے لیکن تم کو بلاؤں سے خوف نہیں ہوتا یا تم کو یہ بات معلوم نہیں ہے کہ جب دو مومن آپس میں ملاقات کرتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں تو خداوند عالم ان دونوں پر رحمت نازل فرماتا ہے اور جو شخص ان دونوں میں سے اپنے دوست سے زیادہ محبت کرتا ہے تو اس رحمتِ خدا کے ننانوے ۹۹ حصّے متعلق ہوتے ہیں۔ اور جب یہ دونوں ایک جگہ کھڑے ہوتے ہیں تو رحمت خدا میں شرابور ہو جاتے ہیں۔ اور جب وہ دونوں باتیں کرنے کے لئے بیٹھ گئے ہیں تو محافظ فرشتے ایک دوسرے سے کہتے ہیں کہ یہاں سے ہٹ جاؤ۔ شاید یہ دونوں کسی خفیہ معاملہ میں گفتگو کریں۔ پس ان دونوں پر ایک پردہ ڈال دیا جاتا ہے میں نے عرض کی خدا تو یہ فرماتا ہے مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ (اور حضور نے یہ فرمایا کہ فرشتے وہاں سے ہٹ جاتے ہیں۔) حضرتؑ نے جواب دیا کہ اے اسحاق! محافظ تو اس وقت نہیں سنتے لیکن پوشیدگیوں کو جاننے والا سنتا بھی ہے۔ اور دیکھتا بھی ہے۔

سدیر صیرفی کہتے ہیں کہ میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان جناب کے پاس ابوبصیر اور میسّرہ اور دیگر اصحاب بیٹھے ہوئے تھے۔ جب میں اپنی جگہ بیٹھ گیا تو حضرتؑ نے میری جانب متوجہ ہو کے فرمایا اے سدیر آگاہ ہو جا ہمارا دوست اٹھتے بیٹھتے۔ سوتے (جاگتے) جیتے مرتے خدا کی عبادت کیا کرتا ہے۔ میں نے عرض کی اے مولا! روحی لک الفدا! اٹھتے بیٹھتے اور جیتے (جاگتے) عبادت کا کرنا تو ہماری سمجھ میں آتا ہے مگر سوتے اور مرتے وہ اللہ کی عبادت کیسے کرتا ہے؟ حضرتؑ نے جواب دیا جب ہمارا دوست سو جاتا ہے پس جب وقت نماز داخل ہوتا ہے تو دو فرشتے اس پر مقرر ہیں زمین پر وہ پیدا ہوئے ہیں کبھی آسمان پر نہیں گئے نہ انھوں نے آسمانی فرشتوں کو دیکھا اس کے قریب نماز پڑھتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ بیدار ہو جاتا ہے ان کی ایک نماز ثواب میں آدمیوں کی ایک ہزار نمازیوں کی برابر ہوتی ہے۔ بس عبادت کا ثواب اس مومن کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے اور جب ہمارا کوئی دوست مرجاتا ہے تو اس کے دونوں محافظ فرشتے آسمان پر چلے جاتے ہیں۔ اور عرض کرتے ہیں خدایا تجھے خوب معلوم ہے کہ تیرا فلاں بندہ مرگیا۔ اب تو ہم اجازت دے کہ ہم آسمان پر یا اطراف زمین پر تیری عبادت بجا لائیں۔ ارشاد باری ہوتا ہے کہ آسمان پر اور اطراف زمین پر میری عبادت کرنے والے بہت ہیں۔ مجھے تمھاری عبادت کی ضرورت نہیں۔ وہ ہمارا بندہ محتاج ہے ہمیں اس کی محبت ہے۔ یہ دونوں فرشتے عرض کرتے ہیں کہ یا اللہ! تو کس لئے اس کو دوست رکھتا ہے؟ ارشاد ہوتا ہے کہ یہ ان لوگوں میں سے ہے جن سے ہمارے رسولؐ محمدؐ نے اور ان کے وصی نے اور ان دونوں کی ذرّیت نے اپنی ولایت کا عہد و پیمان لیا تھا (اس نے اسے پورا کردیا) سو اب تم دونوں زمین پر ہمارے دوست کی قبر پر جاؤ اور اس کے لئے قیامت تک نمازیں پڑھتے رہو۔ جب تک میں اسے اٹھاؤں۔ بس وہ دونوں فرشتے اتر آتے ہیں اور اس کی قبر کے پاس اس وقت تک نمازیں پڑھتے رہیں گے جب تک خدا تعالےٰ اُسے پھر اٹھائے اور ان دونوں کی نمازوں کا ثواب اس بندۂ مومن کے نامۂ اعمال میں لکھا جایا کرے گا۔ حالانکہ ان دونوں کی نماز کی ایک ایک رکعت ثواب میں آدمیوں کی ایک ایک ہزار نمازوں کے برابر ہے۔ سُدیر کہتے ہیں یا ابن رسول اللہ! میں آپ پر فدا ہو جاؤں تو اس صورت میں تو آپ حضرات کا دوست نیند اور موت کی حالت میں بہ نسبت جیتے جاگتے ہونے کے زیادہ عبادت کرنے والا ہوا! یہ سُن کر حضرتؑ نے فرمایا اے سُدیر! ہاء! ایسا نہیں ہے اس لئے کہ ہمارا دوست چونکہ خدا عزّوجل پر ایمان رکھتا ہے اس لئے قیامت کے دن وہ خاص امانِ خدا میں ہوگا۔ (**قولِ مترجم**) مطلب اس کا یہ ہے ایمان کی منزلت جو جیتے جاگتے ہی میں حاصل ہو سکتی ہے فرشتوں کی عبادت سے کہیں بڑھی ہوئی ہے۔

صفحہ ۶۲۱ نوٹ ۶	وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ : تفسیر مجمع البیان میں ہے کہ قراءت شاذّہ یوں بھی آئی ہے جس کو ہمارے اصحاب نے آئمہ ہدیٰ سے یوں روایت کیا ہے وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْحَقِّ بِالْمَوْتِ : تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت نازل یوں ہوئی تھی۔ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْحَقِّ بِالْمَوْتِ ۔ ۱۲
صفحہ ۶۲۱ نوٹ ۷	ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ : تفسیر صافی میں ہے کہ یہ خطاب انسان سے ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اسی سے تو بھاگتا اور کترا تا پھرا کرتا تھا۔ تفسیر قمی میں ہے کہ یہ حضرتِ اوّل کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ قولِ مترجم:۔ ان دونوں روایتوں میں کچھ اختلاف نہیں ہے۔ کیونکہ انسان کا لفظ حضرت اوّل کی انسانیت ظاہر کرنے کے لئے پہلے بھی آچکا ہے۔ ۱۲
صفحہ ۶۲۱ نوٹ ۸	سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ۝ : نہج البلاغہ میں ہے کہ سائق یعنی ہانکنے والا اس کو ہانک کر میدان جنگ میں لائے گا۔ اور شاہد یعنی گواہی دینے والا اپنے علم سے اس کی برخلاف گواہی دے گا۔ ۱۲
صفحہ ۶۲۱ نوٹ ۹	وَقَالَ قَرِيْنُهٗ : تفسیر قمی میں ہے کہ اس سے مراد وہ شیطان ہے جو اس کے ساتھ ہی ساتھ بندھا ہوا ہوگا۔ تفسیر قمی میں ہے کہ اس سے مراد حضرت اوّل کے شیطان ہیں اور وہ جناب ثانی ہیں۔ ۱۲
صفحہ ۶۲۱ نوٹ ۱۰	اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ : تفسیر قمی میں ہے کہ یہ خطاب جناب رسولؐ خدا اور جناب علی مرتضیٰ سے ہے۔ اور جناب امام زین العابدین سے

کسی کی ماں نظروں سے غائب ہوگی تو کسی کا دوست اُس کے پاس نہ ہوگا! جو شخص کسی عزیز کو جنّت میں نہ پائیگا تو بلاشک یہی سمجھیگا کہ وہ دوزخ میں ہے (اب آپ ہی فرمائیں) جسے یہ بات معلوم ہو جائے گی کہ اُس کے دوست پر جہنم میں عذاب ہو رہا ہے تو اسے جنّت میں خاک مزہ اور چین آئیگا؟ فرمایا بعض تو (ایسے لوگوں کو جو عذاب کے مستحق ہیں) بھول جائیں گے اور بعض لوگ منتظر رہیں گے کہ وہ لوگ اعراف میں ہوں گے آ جائیں گے۔

حضرت ابوذرِ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر حورانِ جنت میں سے کوئی حور آسمانِ دنیا پر اندھیری رات میں ظاہر ہو تو چودھویں رات کے چاند سے زیادہ روشنی پھیل جائے اور تمام اہلِ دنیا کو اُسکی خوشبو معلوم ہو جائے اگر اہلِ جنّت کے کپڑوں میں سے کوئی کپڑا آج دنیا میں پھیلا دیا جائے تو جو شخص اُسکی طرف دیکھے اُس کی ایسی حالت ہو جائے گویا اُس پر بجلی گری اور دیکھنے والوں کی نظریں اُس کا تحمل نہ کر سکیں۔

جنابِ رسولِ خدا صلّے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں کہ قسم خدا کی جس نے محمدؐ پر قرآنِ مجید نازل فرمایا ہے اہلِ جنّت کا حُسن و جمال ہمیشہ بڑھتا ہی رہے گا جس طرح دنیا میں بڑھاپا بڑھتا جاتا ہے اور اُس کے ساتھ ہیئت بگڑتی جاتی ہے۔

جنابِ امام جعفر صادق علیہ السّلام فرماتے ہیں کہ جب روزِ قیامت ہوگا تو جنّت کے پردوں میں سے ایک پردہ اٹھایا جائے گا۔ اور اُسکی خوشبو ہر ذی روح کو پانسو برس کی راہ سے محسوس ہوگی۔ مگر ایک گروہ کو یہ خوشبو نہ آئے گی راوی نے عرض کی (یا ابن رسول اللہ!) وہ کون سا گروہ ہے؟ فرمایا جس کو ماں باپ نے عاق کر دیا ہو۔

جنابِ امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جنابِ رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا (ایّہا النّاس!) والدین کی نافرمانی سے بچو کہ جنت کی خوشبو ایک ہزار سال کی مسافت سے محسوس ہوگی مگر والدین کا عاق کردہ اور قطع رحم کرنے والا اور بوڑھا زناکار اور وہ شخص جو ازروئے تکبّر اپنے کپڑوں کو زمین پر کھینچتا ہوا چلے اُسکی خوشبو نہ سونگھیں گے تکبّر تو تمام عالموں کے پروردگار خدا ہی کے لیے زیبا ہے۔

جنابِ رسولِ خدا صلّے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ کہتا ہے صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ تو اس کے جواب میں خداوندِ عالم فرماتا ہے صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ پس تم لوگوں کو چاہیے کہ بکثرت درود بھیجا کرو۔ اور جو شخص صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ کہے اور میری آل پر درود نہ بھیجے تو وہ ہرگز جنّت کی خوشبو نہ سونگھے گا حالانکہ وہ پانسو برس کی راہ سے محسوس ہوتی ہوگی۔

قولِ صاحبِ تفسیر برہان:۔ اس مضمون کی روایتیں بکثرت ہیں مگر ہم نے بخوفِ طوالت ترک کر دی ہیں۔

صفحہ ۱۰۴۶ نوٹ ۷ | ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝ تفسیر قمی میں ہے کہ جناب امام جعفر صادقؑ سے اس کا مطلب دریافت کیا گیا تھا۔ تو فرمایا کہ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝ حزقیلؑ مومنِ آلِ فرعون ہیں۔ اور ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝ جنابِ علیؑ مرتضٰی ہیں الخصال میں جنابِ رسولِ خدا سے منقول ہے کہ اہلِ جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے اسّی صرف اِس اُمّت کی ہوں گی۔ (اور چالیس اور اُمّتوں کی)۔ ۱۲

صفحہ ۱۰۴۶ نوٹ ۸ | اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ؛ قمی میں ہے کہ الشِّمَالِ سے مراد ہیں دشمنانِ آلِ محمدؐ اور اَصْحٰبُ الشِّمَالِ سے مراد ہیں سب ان کی یاری کا دم بھرنے والے۔ ۱۲

صفحہ ۱۰۴۶ نوٹ ۵ | فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝ ؛ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام محمد باقرؑ اور جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ ستاروں کا گرنا شیاطین کے لیے مار ہے اور مجرم (اپنی بریت کیلئے) اس کی قسم کھایا کرتے تھے پس خدا تعالٰی نے فرمایا کہ جس قسم کو تم عظیم الشان سمجھتے ہو میں بھی وہی قسم کھاتا ہوں نیز ایک روایت میں عبداللہ ابن عباس سے یہ بھی وارد ہوا ہے کہ ایک معنی اس کے یہ ہیں کہ میں نزولِ قرآن مجید کی قسم کھاتا ہوں کیونکہ قرآن مجید متفرق طور پر قطعاً قطعاً اور نجماً نجماً نازل ہوا ہے۔ کافی میں جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جاہلیت کے زمانہ والے ستاروں کے ٹوٹنے کی قسم کھایا کرتے تھے اور جو ان کی قسم کھاتا تھا اسکا معاملہ عظیم الشان سمجھا جاتا تھا پس خدا تعالٰی نے کہا کہ میں بھی اس کی قسم کھاتا ہوں۔ ۱۲

صفحہ ۱۰۴۶ نوٹ ۶ | وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۝ من لا یحضرہ الفقیہ میں جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ اس سے مراد وہ قسم ہے جو کوئی شخص گناہ سے اپنی بریت کیلئے کھائے۔ بے شک وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی ہے۔ ۱۲

صفحہ ۱۰۴۶ نوٹ ۷ | اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۝ تفسیر صافی میں ہے کہ کَرِیْمٌ کے لفظی معنی ہیں بہت نفع پہنچانے والا۔ اور معاد و معاش کی اصلاح کے لیے جن جن علوم کی ضرورت ان سب کے اصول پر حاوی ہونے والا۔ ۱۲

صفحہ ۱۰۴۶ نوٹ ۸ | لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝ تہذیب الاحکام میں جناب امام موسیٰ کاظمؑ سے منقول ہے کہ مصحف کو ناپاک ہونے کی حالت میں نہ چھوا جائے اور جنب ہونے کی حالت میں نہ چھوا جائے اور نہ لٹکایا جائے۔ نہ اس کی ڈوری چھوئی جائے اور نہ اُس کے اور متعلقات اسلیے کہ خدا تعالٰی فرماتا ہے۔ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝ احتجاج طبرسی میں ہے کہ جب عمرؓ (ابوبکر کی طرف سے) خلیفہ بنایا تو اس نے جناب امیر المومنینؑ سے درخواست کی کہ وہ حضرتؑ اپنا قرآن مجید عوام النّاس کو دیدیں تاکہ ان لوگوں میں جو قرآن رائج تھا اُس سے ملا کر دیکھ لیں۔ اُن حضرتؑ سے گفتگو ان لفظوں میں کی کہ اے ابوالحسنؑ اگر آپ مناسب جانیں تو وہ قرآن لے آئیں جو ابوبکر کے سامنے لائے تھے تاکہ ہم سب اُس پر اجتماع ہو جائے؟ حضرت نے فرمایا افسوس! اب اس کے ملنے کا تمھارے لیے کوئی موقع نہیں۔ میں ابوبکر کے پاس اُس کو اس لیے لایا تھا کہ تم پر حجت ہو جائے اور تم قیامت کے دن یہ نہ کہہ سکو کہ ہم اس سے بے خبر تھے۔ نہ یہ کہہ سکو کہ آپ اُسے ہمارے پاس لائے نہ تھے۔ ورنہ جو قرآن مجید میرے پاس ہے اسے تو سوائے مطہّرون کے یعنی ان اوصیاءؑ کے جو میری اولاد سے ہوں گے اور کوئی چھو بھی نہیں سکتا۔ عمر نے کہا آیا اُس کے اظہار کا کوئی وقت بھی معین ہے۔ حضرتؑ نے فرمایا ہاں۔ معلوم ہے۔ جب میری اولاد میں سے قائمِ آلِ محمدؐ ہوں گے وہ اس کو ظاہر بھی کریں گے اور سب لوگوں کو اُسی پر چلائیں گے اور تمام قواعد قوانین کے مطابق جاری ہوں گے۔ ۱۲

قولِ مترجم۔ مَسّ کے دو معنی ہیں ایک تو ہاتھ سے چھونا جیساکہ مندرجہ نوٹ التہذیب والی حدیث میں وارد ہوا ہے جس کی جُنُب کے لیے ممانعت کی گئی ہے۔ اور دوسرے معنی ہیں عقل و علم سے سمجھنا جیساکہ محاورہ میں کہتے ہیں کہ فلاں شخص کو عقل و علم سے مس بھی نہیں۔ یہ معنی جنابِ امیر علیہ السّلام نے احتجاج والی حدیث میں ارشاد فرمائے ہیں

لہٰذا دونوں حدیثوں میں فی الحقیقت کوئی اختلاف نہیں۔

صفحہ ۶۴۲ نوٹ ۹ | وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ٥ ‎÷ تفسیر قمی میں ہے کہ جناب امیرالمومنینؑ نے سورۂ واقعہ تلاوت فرمائی تو اس آیت کو یوں تلاوت فرمایا۔ وَتَجْعَلُوْنَ شُكْرَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ٥ جب ختم فرما چکے تو ارشاد فرمایا کہ میں جانتا تھا کہ کوئی کہنے والا ضرور کہے گا کہ یہ آیت یوں کیوں پڑھی۔ میں نے اس کو اسطرح اس لیے پڑھا کہ جناب رسولؐ خدا کو اسی طرح تلاوت فرماتے سُنا تھا۔ اور لوگوں کی یہ حالت تھی کہ جب بارش ہوتی تو وہ یہ کہتے کہ فلاں اور فلاں ستارے کے سبب ہم پر بارش ہوئی اس پر خدا تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ وَتَجْعَلُوْنَ شُكْرَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ٥ نیز جناب امام جعفر صادقؑ سے بھی منقول ہے کہ ان حضرت کے سامنے وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ پڑھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اصل تو وَتَجْعَلُوْنَ شُكْرَكُمْ ہے۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۲ نوٹ ۱۰ | اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ٥ ‎÷ کافی میں جناب امام جعفر صادقؑ سے اس آیت کی تفسیر میں منقول ہے کہ جب جان حلقوم تک آ جائے گی تو جنت میں جو اس کا مقام ہے اُسے دکھلا دیا جائے گا۔ اُسوقت وہ کہے گا کہ مجھے دنیا کی طرف پھر لوٹا دو کہ میں جو کچھ دیکھ چکا ہوں اس کی اپنے بال بچوں کو خبر کر دوں۔ اس وقت اُسے جواب دیا جائے گا کہ اب لوٹنے کی کوئی صورت نہیں۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۳ نوٹ ۵ | سَبَّحَ لِلّٰهِ ‎÷ تفسیر صافی میں ہے کہ اس سورے کے شروع میں اور سورۃ الحشر اور سورۃ الصف کے شروع میں سَبَّحَ بصیغۂ ماضی آیا ہے اور سورۃ الجمعۃ اور سورۃ التغابن کے شروع میں يُسَبِّحُ بصیغۂ مضارع۔ ان میں اس بات کا اشارہ ہے کہ ان افعال کے فاعل اپنے تمام اوقات میں خدا تعالیٰ کی پاکی بیان کرتے رہتے ہیں۔ اس لیے کہ یہ عادت جبلّی ہے جو حالات کے بدلنے سے بدل نہیں جاتی اور سورۂ بنی اسرائیل کے شروع میں لفظ سُبْحَانَ مصدر مطلق آیا ہے، وہ بلاغت میں زیادہ ہے اسلیے کہ اسکے مطلق ہونے سے یہ بات پائی جاتی ہے کہ خدا تعالیٰ کا یہ استحقاق ہر چیز کے متعلق اور ہر حال میں پایا جاتا ہے کہ اُسکی پاکی بیان کی جائے۔ اور باوجود اس بات کے کہ یہ فعل بذات خود متعدّی تھا پھر اسکو متعدی در متعدی بنانے کے لیے لام بھی لایا گیا ہے یہ اس بات کا اظہار کرتا ہے کہ اس فعل کا وقوع محض خدا کے واسطے ہوتا ہے اور خلوص کے ساتھ پاکی بیان کرنے والے کا مقصود اسی کی ذات ہوتی ہے۔ ۱۲

صفحہ ۶۴۳ نوٹ ۶ | هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ‎÷ تفسیر برہان میں بحوالۂ کافی منقول ہے کہ ابن ابی یعفور نے جناب امام جعفر صادقؑ سے خدا تعالےٰ کے اس قول کا مطلب دریافت کیا اور یہ عرض کی کہ اول کو تو ہم پہچان گئے۔ رہا آخر اس کی تفسیر ہمارے لیے بیان فرما دیجئے۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ سوائے خدائے تعالےٰ کے ایک چیز بھی ایسی نہیں ہے جو ہلاک و متغیّر نہ ہو جائے۔ یا اُس میں تغیّر و زوال راہ نہ پائے یا وہ ایک رنگ سے دوسرے رنگ کی طرف اور ایک صورت سے دوسری صورت کی طرف اور ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف اور زیادتی سے کمی کی طرف اور کمی سے زیادتی کیطرف منتقل نہ ہو جائے بے شک پروردگار عالم ایک ہی حالت پر رہا ہے اور ایک ہی حالت پر رہے گا۔ وہ اس معنی میں اوّل ہے کہ ہر چیز کے آغاز سے اول سے اول ہے اور اس معنی میں آخر ہے کہ ایک ہی حالت پر رہا اور اُس کی صفتیں اور نام وغیرہ کبھی نہ بدلیں گے جیسے انسان کی حالتیں اور نام وغیرہ بدل جاتے ہیں کہ کبھی وہ مٹی ہوتا ہے اور کبھی خون و گوشت ہوتا ہے اور کبھی گلی سڑی ہڈی۔ اور جیسے کھجور کا پھل کہ کبھی وہ بلح کہلاتا ہے اور کبھی بُسرا اور کبھی رطب اور کبھی تمر کہ اس کے نام بھی بدلتے جاتے ہیں اور اس کی حالتیں بھی بدلتی جاتی ہیں۔ یہ حالتیں خدائے عزّوجل کی نہیں ہیں۔ کافی میں جناب امیرالمومنین کا ایک خطبہ منقول ہے اس میں یہ فقرے بھی ہیں کہ خدا تعالےٰ ایسا اوّل ہے کہ اس کی اولیت کی کوئی انتہا نہیں۔ اور ایسا آخر ہے کہ اس کی آخریت کی بھی کوئی حدّ و غایت نہیں۔ اور فرمایا کہ باطن سے یہ مراد ہے کہ خفیہ سے خفیہ باتوں کو خوب جانتا ہے۔ اور ظاہر کے یہ معنی ہیں کہ اس کی مخلوق میں اس کی تدبیر کی علامتیں اتنی ہیں کہ ان کی ذریعہ سے عقلاء کی عقلیں اس کے وجود کو ظاہر بہ ظاہر دیکھتی ہیں۔ ۱۲

جنابِ امام رضا علیہ السّلام نے اسمائے باریتعالیٰ کی توضیح و تفسیر میں ارشاد فرمایا کہ خدائے تعالیٰ کا نام ظاہر اس لیے نہیں ہے کہ وہ اشیاء کی پشت پر سوار ہے یا بیٹھا ہوا ہے۔ بلکہ اسے ظاہر اس لیے کہتے ہیں کہ وہ تمام چیزوں پر غالب ہے اور اس کی قدرت سب کو گھیرے ہوئے ہے اس کی مثال یہ ہے کہ کوئی شخص مثلاً کہے ظَهَرْتُ عَلٰى اَعْدَائِيْ وَاَظْهَرَنِيَ اللّٰهُ عَلٰى خَصْمِيْ (میں اپنے دشمن پر غالب آ گیا۔ خدا نے مجھکو میرے دشمن پر غالب کر دیا) تو غرض اُس کی اِس قول سے اظہار کامیابی اور غلبہ ہوتی ہے۔ اسی طرح خدائے تعالےٰ بھی تمام چیزوں پر غالب ہے۔ دوسری وجہ اس کے ظاہر ہونے کی یہ ہے کہ جو شخص خدا کی مخالفت کا قصد کرے تو وہ اُس کیلئے ظاہر ہے یعنی خدا تعالیٰ پر کوئی بات پوشیدہ نہیں اور خدائے تعالیٰ ہر شے کی جسے وہ دیکھتا ہے تدبیر کرنے والا ہے پس خدا سے زیادہ اور کون ظاہر اور واضح ہو گا۔ کیونکہ جدھر تم توجہ کرو خدا کی صنعت تمہارے پیش نظر ہے بلکہ خود تمہاری ذات میں خدا کی قدرت کے اتنے آثار موجود ہیں کہ اس کو ظاہر سمجھنے کے لیے وہی کافی ہیں۔ اور ہم میں ظاہر اُسے کہتے ہیں جس کی ذات نمایاں ہو اور جس کی حقیقت معلوم ہو۔ تو یہ لفظ خدا پر بھی صادق آیا اور مخلوق پر بھی مگر معنی بدل گئے۔ اب رہا اَلْبَاطِنُ تو وہ اس معنی میں نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں میں پوشیدہ اور سمایا ہوا۔ بلکہ وجہ یہ ہے کہ وہ تمام چیزوں کے بھید سے واقف اور ان کا محافظ و مدبّر ہے اور یہ لفظ الباطن مشتق ہے اِبْطَنْتُهٗ سے یعنی میں اس کی خبر رکھتا ہوں۔ یا میں اس کے بھید سے واقف ہوں۔ (پس باطن کے معنی ہوئے واقفِ اسرار) اور مخلوقات میں سے باطن وہ کہا جائے گا جو کسی چیز میں غائب اور پوشیدہ ہو جائے۔ پس لفظ باطن خدا پر بھی صادق آیا اور مخلوق پر بھی مگر معنی جُدا جُدا ہیں۔

جابرؓ ابن عبداللہ انصاری کہتے ہیں کہ مجھے عمارؓ یاسر مدینہ کے ایک کوچہ میں ملے میں نے اُن سے جنابِ رسولِ خدا کا حال دریافت کیا۔ عمارؓ یاسر نے جواب دیا کہ وہ حضرتؐ بمع اصحاب کے ہمراہ مسجد میں رونق افروز ہیں اور یہ بھی بیان کیا کہ جب آنحضرتؐ نماز صبح ادا کر چکے اور آفتاب نکل آیا۔ تو علی بن ابیطالب علیہ السّلام آگے بڑھے۔ ان کو دیکھکر جناب رسولؐ خدا صلّی اللہ علیہ وآلہٖ کھڑے ہو گئے اور دونوں آنکھوں پر بوسہ دے کے اپنے پہلو میں اتنا قریب بٹھا لیا کہ دونوں کے زانو سے زانو مل گئے۔ پھر فرمایا اے علیؑ! اٹھو اور آفتاب کو جواب دو کہ وہ تم سے کچھ کہہ رہا ہے۔ یہ سُن کر اہل مسجد کھڑے ہو گئے اور کہنے لگے یا رسولؐ اللہ کیا آفتاب ہمارے برخلاف کوئی بات کہتا ہے؟ اور بعض منافق کہنے لگے یہ تو ہمیشہ اسی فکر میں رہتے ہیں کہ اپنے ابنِ عم کا مرتبہ بڑھائیں اور ان کا نام روشن کریں پس بموجب ارشادِ جنابِ رسولِ خدا جنابِ علیؑ ابن ابیطالب علیہ السّلام مسجد کے صحن میں آئے اور آفتاب سے خطاب فرمایا كَيْفَ اَصْبَحْتَ يَا خَلْقَ اللّٰهِ ؟ اے مخلوقِ خدا!

انہی جناب سے منقول ہے کہ یہ آیت قرآنی سے گنڈہ تعویز اور عمل کرنا جائز ہے اور جیسے قرآن کے سے شفا نہ ہوگی گویا یہ خدا تعالیٰ ہی نے شفا بخشی کیا قرآن مجید سے بھی کوئی تعویز یا دعا ہو سکتی ہے۔ کیا خدا تعالیٰ نہیں فرماتا وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ٥

صفحہ ۳۴۷ نوٹ ۱۰ | وَلَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جبرئیلؑ امین نے جناب رسول خدا کو جو کچھ پہونچایا وہ یوں تھا۔ وَلَا يَزِيدُ الظّٰلِمِيْنَ آلَ مُحَمَّدٍ حَقَّهُمْ اِلَّا خَسَارًا ٥ (اور آل محمدؑ کا حق دبا لینے والے ظالموں کو قرآن مجید سے سوائے نقصان کے اور کچھ نہ ملے گا)۔۱۲.

صفحہ ۳۴۸ نوٹ ۳ | تو یہ دونوں باتیں جمع کیونکر ہو سکتی ہیں پس خدا تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ (اور اگر زمین کے کل درخت قلمیں بن جائیں اور سمندر جس کے بعد سات سمندر اور بھی روشنائی ہوں تو بھی کلمات خدا ختم نہ ہوں گے) مقصد خدا تعالیٰ کا یہ جتلانا ہے کہ خدا کا علم ان سب اندازوں سے بڑا ہے۔ اور تم کو جو کچھ دیا گیا ہے تمہارے نزدیک کثیر ہے۔ اور نزدیک قلیل تفسیر عیاشی میں ہے جناب امام محمد باقرؑ سے خدا کے اس قول وَمَا اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا کی تفسیر میں یوں منقول ہے کہ اس کی باطنی تفسیر یہ ہے کہ علم بہت ہی کم آدمیوں کو دیا گیا ہے۔ چنانچہ حضرتؑ نے بے غرض تفسیر یوں تلاوت فرمایا وَمَا اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ ۔۱۲

صفحہ ۳۴۸ نوٹ ۴ | لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ: الخرائج میں جناب امام جعفر صادقؑ کے معجزات میں درج ہے کہ ابن ابی العوجاء اور تین اور دہریئے جمع ہوئے کہ ان میں سے ہر ایک پاؤ پاؤ قرآن کا مقابلہ کرے۔ یہ معاہدہ مکہ میں ہوا۔ اور قرار دادیہ پائی کہ سال آئندہ اپنا اپنا بنا ہوا حصۂ قرآن پیش کریں۔ جب سال پورا ہوا چاروں یار حسب قرار داد مقام ابراہیمؑ پر جمع ہوئے تو ان میں سے ایک نے کہا کہ یارو! میں نے تو جب یہ آیہ دیکھا يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ تو معاوضہ سے باز رہا دوسرے یار بولے کہ میں نے جب فَلَمَّا اسْتَيْئَسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ٥ پر غور کیا میں بھی معاوضہ سے مایوس ہو گیا تیسرے یار کی بھی کہنے کی نوبت ہی نہ پہونچی تھی اور چپکے چپکے یہ باتیں ہی ہو رہی تھیں کہ امام جعفر صادقؑ ان کے پاس سے گزرے اور ان کی طرف متوجہ ہو کر یہ پوری آیت اس طرح تلاوت کی وہ سب کے سب مبہوت ہو کر رہ گئے۔۱۲

صفحہ ۳۴۸ نوٹ ۵ | فَاَبٰۤى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا: کافی اور تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جبرئیلؑ امین نے یہ آیت یوں پہونچائی تھی۔ فَاَبٰۤى اَكْثَرُ النَّاسِ بِوَلَايَةِ عَلِيٍّ اِلَّا كُفُوْرًا (پھر بھی بہت سے لوگ ولایت جناب امیرالمومنینؑ کا انکار کئے بغیر نہ رہے۔)۱۲

صفحہ ۳۴۹ نوٹ ۱

گفتگوئے عبداللہ بن ابی امیہ با جناب رسولِ خدا۔

عبداللہ بن ابی امیہ ۔ اے محمدؐ! تم نے بہت بڑا دعویٰ کیا ہے اور بڑی ہولناک بات کہی ہے تم نے یہ گمان کر لیا ہے کہ تم تمام عالموں کے پروردگار کے رسولؐ ہو حالانکہ تم عالموں کے پروردگار اور تمام مخلوق کے خالق کو اس کی ضرورت کیا پڑی ہے کہ تم جیسا اس کا رسولؐ ہو۔ سُبحان اللہ ہم ہی جیسا ایک آدمی جو ویسے ہی تو کھانے کھائے جیسے کہ ہم کھاتے (پیتے) ہیں اور اسی طرح چلے پھرے جیسے کہ ہم چلتے پھرتے ہیں۔ (اور پھر رسولؐ خدا بھی بن جائے) ذرا اسی پر نظر ڈالو کہ بادشاہِ روم و بادشاہِ فارس جب کسی کو اپنا ایلچی بنا کر بھیجتے ہیں تو ایسے ہی کو بناتے ہیں جو بڑا مالدار اور بڑا صاحب مقدر ہو جس کی محل سرائیں اور مکانات خیمے اور ڈیرے اور لونڈی اور غلام۔ نوکر وچاکر بہت کثرت سے ہوں اور وہ تو سارے عالموں کا پروردگار۔ ان سب سے کہیں زیادہ بلند مرتبہ ہے کہ یہ سب بڑے بڑے بادشاہ اس کے بندے ہیں۔ (وہ رسولؐ بنا کر بھیجے تو تم ایسے مفلس کو۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ تم اور نبی ہو) اگر کہیں تم نبی ہوتے تو تمہارے ساتھ میں کوئی فرشتہ ہوتا۔ جو تمہاری تصدیق کرتا پھرتا اور ہم بھی اس کو دیکھتے بلکہ اللہ کو اگر منظور ہوتا کہ ہمارے پاس کسی نبی کو بھیجے تو وہ کسی فرشتہ ہی کو کیوں نہ بھیج دیتا۔ ہمارے پاس ہمارے ہی جیسے آدمی کو بھیجنا بے معنی سی بات ہے۔ اے محمدؐ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی ہو تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔ باقی تم نبی (وبی) کچھ نہیں ہو۔

رسولِ خدا اچھا اب کہہ چکے یا کچھ اور بھی کہنا ہے؟

عبداللہ بن ابی امیہ جی ہاں ابھی کہنا ہے ہم تو آپ پر ایمان لائیں گے نہیں۔ جب تک کہ آپ اسی مکہ میں ہمارے لئے اسی زمین میں سے ایک چشمہ نہ جاری کر دیں۔ کیونکہ یہ زمین سخت پتھریلی بلکہ نری پہاڑی ہی پہاڑی ہے۔ اب آپ اسے کھود ڈالیں اور اس میں چشمے ہی چشمے بہا دیں۔ اس لئے کہ ہم کو چشموں کی ضرورت ہے یا آپ کا کھجوروں اور انگوروں کا ایک بڑا سا باغ ہو کہ آپ بھی اس میں سے کھائیں (پیئیں) اور ہمیں بھی خوب کھلائیں (پلائیں) اور اس کے بیچ بیچ میں بہت سی نہریں پھیلا دیں یا جاری کر دیں۔ یا جیسا کہ آپ گمان کر چکے ہیں آسمان ہی کا ایک ٹکڑا گرا دیں۔ کیونکہ یہ تو آپ کہہ چکے ہیں۔ وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ شاید ہم ایسے ہی کہیں پھر کہنے لگا یا تم اللہ کو اور فرشتوں کو ہمارے سامنے ہی لاکر کھڑا نہ کر دو۔ یا اچھا یوں ہی کہ آپ کا کوئی مکان سونے کا ہو کہ اس میں سے ہمیں بھی کچھ دیجئے جس سے ہم بھی مالدار ہو جائیں۔ پھر ممکن ہے کہ ہم سرکش بن جائیں۔ کیونکہ آپ یہ بھی تو کہہ چکے ہیں كَلَّاۤ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰۤى اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۔ پھر بولا آپ آسمان ہی پر نہ چڑھ جائیں۔ اور ہم تو آپ کے آسمان پر چڑھ جانے پر بھی اس وقت تک ایمان نہ لائیں گے جب تک کہ آپ ہمارے نام ایک خط نہ بھیجیں جسے ہم پڑھ کر دیکھیں۔ (اور جس کا مضمون یہ ہو) "حکمت والے زبردست خدا کی طرف سے۔ عبداللہ بن ابی امیہ مخزومی اور اس کے ساتھیوں کے نام تم لوگوں کو لازم ہے کہ تم محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب پر ایمان لاؤ کہ یہ میرا رسولؐ ہے اور اس کی سب باتوں کو سچا جانو کہ وہ میری طرف سے کہتا ہے"

اے محمدؐ! اگر یہ سب بھی کرو تو بھی یہ نہیں معلوم کہ میں تم پر ایمان لاؤں گا کہ نہ لاؤں گا۔ بلکہ اگر تم ہم سب کو آسمان تک لے چلو اور آسمان کے دروازے بھی کھل جائیں اور ہمیں تم ان کے اندر بھی پہونچا دو تب بھی ہم تو یہی کہے جائیں گے کہ یہ اور کچھ نہیں ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے۔ اور ہم پر جادو کر دیا گیا ہے۔

رسولِ خدا اے عبداللہ تجھے اور بھی کچھ کہنا ہے یا بس؟